قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ
أَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

الکنز

فی وقف حمزۃ وھشام علی الھمز

www.KitaboSunnat.com

فضیلۃ الشیخ استاذ القراء
قاری سعید احمد حفظہ اللہ
صدر مدرس شعبہ تجوید وقراءات
جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

قرأت اکیڈمی
لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ
أَحْرُفٍ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

(متفق علیہ)

الکنز

فی وقف حمزۃ وھشام علی الھمز

مصنف

فضیلۃ الشیخ اُستاذ القراء
قاری سعید احمد
صدر مدرس شعبہ تجوید وقراءات
جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

قرات اکیڈمی
لاہور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب ..... الکنز فی وقف حمزۃ وھشام علی الھمز

تالیف ..... فضیلۃ الشیخ استاذ القراء قاری سعید احمد حفظہ اللہ

صدر مدرس شعبہ تجوید وقرأت جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

کتابت وتخریج ..... مفتی عبید الرحمن 0321-7905872

اشاعت اول ..... ۲۰۲۱ء المکتبۃ الرحمانیۃ

تعداد اشاعت ..... پانچ سو

ناشر ..... قرأت اکیڈمی®

28- الفضل مارکیٹ 17- اردو بازار لاہور

Ph.: 042 - 37122423

0300 - 4785910

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

انتساب

میں اپنی اس کاوش کو حضرات شیخین کریمین امام اہل سنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ اور مفسر قرآن حضرت مولانا صوفی عبد الحمید خان سواتی رحمۃ اللہ علیہ اور اپنے مادرِ علمی جامعہ نصرۃ العلوم کے نام کرتا ہوں جس کے علمی آغوش، روحانی ماحول اور عملی ترغیب کے ذریعے میں آج علم اور علماء کی خدمت کی سعادت سے بہرہ مند ہوں۔

رب کریم تاقیامت اس علمی مرکز سے حکمت ودانش کا چشمہ جاری رکھے اور میری اس ادنی سی کاوش کو شرفِ قبولیت بخشے اور مزید توفیق سے نوازے۔ آمین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

تقریظ استاذ الاساتذہ فضیلۃ الشیخ المقری عبد المالک سلطان مکی حفظہ اللہ تعالیٰ ۱۲

تقریظ فضیلۃ الشیخ استاذ القراء حضرت قاری نجم الصبیح تھانوی دامت برکاتہم العالیہ ۱۳

تقریظ فضیلۃ الشیخ المقری الدکتور عبد القیوم بن عبد الغفور السندی حفظہ اللہ تعالیٰ ۱۴

تقریظ استاذ الاساتذہ فضیلۃ الشیخ مولانا قاری محمد فیاض الرحمان علوی مدظلہ ۱۸

تقریظ استاذ القراء فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا قاری محمد فداء اللہ صاحب الکندوی مدظلہ ۲۰

عرضِ مؤلف ۲۴

امام حمزہؒ کے حالات ۲۸

سیدنا خلف رحمۃ اللہ علیہ ۳۰

سیدنا خلاد رحمۃ اللہ علیہ ۳۱

امام سیدنا ہشام رحمۃ اللہ علیہ ۳۲

ہمزہ کی تخفیف کی اقسام ۳۴

اوّلاً مذہبِ قیاسی (تصریفی) ۳۸

ہمزہ کی اقسام اور تخفیف کی کیفیت ۳۸

اوّلاً ہمزہ ساکن ۳۸

ثانیاً ہمزہ متحرک ۴۴

۱۔ ہمزہ متوسط بنفسہٖ ۴۴

۲۔ متحرک ہمزہ کی صورتوں میں سے ہمزہ متوسط بغیرہٖ ۴۶

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تنبیہات ۵۰
ثانیاً: مذہب رسمی ۵۴
اوّلاً: ہمزہ ساکن لازم سے ۵۵
ثانیاً: ہمزہ متحرک سے جو ساکن غیر الف کے بعد ہو ۵۶
ثالثاً:۔ ہمزہ متحرک سے جو متوسط الف کے بعد ہو ۵۷
رابعاً: وہ ہمزہ جو الف کے بعد کنارے پر ہو ۵۸
خامساً: اور کلمہ کے آخر میں واقع ہمزہ متحرک جو فتح کے بعد ہو ۶۰
سادساً: ہمزہ کی صورت حذف کی جائے گی جب اس کے بعد واؤ یا یاء ہو ۶۱
سابعاً: ہمزہ مضمومہ کو کسرہ کے بعد لکھا گیا ہو اور اس کے بعد واؤ یا یاء نہ ہو ۶۲
ثامناً: کلمہ کا آغاز خارج ہو گیا جس میں ہمزہ کو الف کی صورت نہیں لکھا گیا ۶۲
تاسعاً: ۶۲
سورة الفاتحة ۶۳
سورة البقرة ۶۳
سورة آل عمران ۱۹۸
سورة النساء ۲۰۷
سورة المائدة ۲۱۷
سورة الأنعام ۲۲۵
سورة الأعراف ۲۳۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأنفال ٢٣٦
سورة التوبة ٢٤٠
سورة يونس ٢٤٢
سورة هود ٢٤٥
سورة يوسف ٢٤٩
سورة الرعد ٢٥٣
سورة إبراهيم ٢٥٥
سورة الحجر ٢٥٧
سورة النحل ٢٥٨
سورة الإسراء ٢٦٠
سورة الكهف ٢٦٣
سورة مريم ٢٦٦
سورة طه ٢٦٨
سورة الأنبياء ٢٧١
سورة الحج ٢٧٣
سورة المؤمنون ٢٧٥
سورة النور ٢٧٦

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الفرقان ۲۷۸
سورة الشعراء ۲۷۹
سورة النمل ۲۸۱
سورة القصص ۲۸۲
سورة العنكبوت ۲۸۴
سورة الروم ۲۸۵
سورة لقمان ۲۸۶
سورة السجدة ۲۸۶
سورة الأحزاب ۲۸۷
سورة سبأ ۲۸۸
سورة فاطر ۲۸۸
سورة يس ۲۹۰
سورة الصافات ۲۹۰
سورة صٓ ۲۹۱
سورة الزمر ۲۹۲
سورة غافر ۲۹۴
سورة فصلت ۲۹۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورۃ الشوری ۲۹۶
سورۃ الزخرف ۲۹۷
سورۃ الدخان ۲۹۸
سورۃ الجاثیۃ ۲۹۸
سورۃ الأحقاف ۲۹۹
سورۃ محمد ﷺ ۳۰۰
سورۃ الفتح ۳۰۱
سورۃ الحجرات ۳۰۲
سورۃ ق ۳۰۳
سورۃ الذاریات ۳۰۵
سورۃ الطور ۳۰۵
سورۃ النجم ۳۰۷
سورۃ القمر ۳۰۹
سورۃ الرحمن ۳۰۹
سورۃ الواقعۃ ۳۱۰
سورۃ الحدید ۳۱۲
سورۃ المجادلۃ ۳۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الحشر ۳۱۳
سورة الممتحنة ۳۱۴
سورة الصف ۳۱۴
سورة الجمعة ۳۱۵
سورة المنافقون ۳۱۵
سورة التغابن ۳۱۵
سورة الطلاق ۳۱۶
سورة التحريم ۳۱۶
سورة الملك ۳۱۶
سوزة القلم ۳۱۷
سورة الحاقة ۳۱۷
سورة المعارج ۳۱۷
سورة نوح ۳۱۸
سورة الجن ۳۱۸
سورة المزمل ۳۱۸
سورة المدثر ۳۱۹
سورة القيامة ۳۱۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الإنسان ۳۲۰
سورة المرسلات ۳۲۰
سورة النبأ ۳۲۰
سورة النازعات ۳۲۱
سورة عبس ۳۲۱
سورة التكوير ۳۲۲
سورة الانفطار ۳۲۲
سورة المطففين ۳۲۲
سورة الانشقاق ۳۲۳
سورة البروج ۳۲۳
سورة الطارق ۳۲۳
سورة الأعلى ۳۲۳
سورة الغاشية ۳۲۴
سورة الفجر ۳۲۵
سورة البلد ۳۲۵
سورة الشمس ۳۲۶
سورة الليل ۳۲۶

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الضحى ۳۲۶
سورة الشرح ۳۲۶
سورة العلق ۳۲۷
سورة القدر سے قرآن کریم کے آخر تک ۳۲۷
بَابُ وَقْفِ حَمْزَةَ وَهِشَامٍ عَلَى الْهَمْزِ ۳۳۱

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

استاذ الاساتذہ فضیلۃ الشیخ المقری عبد المالک سلطان مکی حفظہ اللہ تعالیٰ

مدرس بالمسجد الحرام مکۃ المکرمہ

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على أفضل الانبياء وسيد المرسلين، محمد بن عبد الله وعلى آله وصحبه أجمعين. أما بعد:

یہ مبارک رسالہ بنام: "الكنز فى وقف حمزة وهشام على الهمز" حضرت مولانا قاری سعید احمد صاحب گوجرانوالہ کی تصنیف ہے۔ یہ موضوع شاطبیہ کے بہت اہم اور مشکل مقامات میں سے ہے، اس لیے بہت سے قراء کرام نے اس پر مستقل رسالے لکھے ہیں۔ اردو دانوں کیلئے اس طرح مبسط کتاب کی تصنیف شاید پہلی کاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ قاری صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے اتنی محنت اور جانفشانی سے یہ کام سرانجام دیا ہے اور اس کتاب سے عربی سے نابلد قراء حضرات کے عقدے حل اور الجھنیں ان شاء اللہ کم ہو جائیں گی۔

قاری سعید احمد صاحب مدظلہٗ کا پاکستان کے اندر فن قراءات میں ماہر اساتذہ میں شمار ہوتا ہے۔ انہوں نے اس فن کی تدریس کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف سے بڑی خدمات سرانجام دی ہیں۔ اپنے شاگردوں میں سے کئی قراء تیار کیے ہیں جو مختلف مدارس میں اس فن کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ خدمتیں قبول فرمائے، اور مقبول خواص و عوام بنائے اور مزید ترقیاں نصیب فرمائے۔ وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالين

کتبہ

المقرئ عبد المالک سلطان مکی

مکۃ المکرمہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ استاذ القراء حضرت قاری نجم الصبیح تھانوی دامت برکاتہم العالیہ

صدر مدرس شعبہ تجوید وقراءت مدرسہ تجوید القرآن لاہور

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيدنا ومولانا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين.

علم القراءات میں قراءات کو سیکھنے والے، پڑھنے اور پڑھانے والے اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ قراءۃ امام حمزہ وروایت ہشام رحمۃ اللہ علیہما باب وقف حمزہ وہشام کو شاطبیہ میں ایک ادق باب تسلیم کیا جاتا ہے اور شارحین فن کی اس باب کی مشکلات کو حل کرنے میں بڑی عمدہ تصنیفات موجود ہیں۔ مہموز کلمات پر وقف میں قیاسی اور رسمی دونوں طرح کے تغیرات سے واسطہ پڑتا ہے۔ اس لیے طالب علم کے لیے ان تمام وجوہ کا جاننا ضروری ہوتا ہے تاکہ ان کلمات پر وقف کی صورت میں اغلاط سے بچا جاسکے۔

جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے شعبہ تجوید وقراءات کے صدر مدرس مولانا قاری سعید احمد حفظہ اللہ نے بڑے احسن انداز میں مکمل قرآن پاک کے ہمزہ والے کلمات کو اس کتاب میں پاروں کی ترتیب سے جمع کردیا۔ کتاب کا نام "الكنز في وقف حمزة وهشام على الهمز" رکھا ہے جو واقعی اسم بامسمیٰ ہے۔ دعا ہے کہ اللہ پاک قاری صاحب کی خدمات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین

نجم الصبیح تھانوی

مدرس مدرسہ تجوید القرآن

موتی بازار رنگ محل لاہور

۲۲ ستمبر ۲۰۲۲ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

فضیلۃ الشیخ المقری الدکتور عبد القیوم بن عبد الغفور السندی حفظہ اللہ تعالیٰ

أستاذ القراءات وعلومها بقسم القراءات كلية الدعوة وأصول الدين

جامعة أم القرى، مكة المكرمة

الحمد لله، والصلاة والسلام على رسول الله وعلى آله وصحبه ومن والاه، وبعد:

قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے حرف ہمزہ پر وقف کی صورت میں قراءِ سبعہ میں سے امام حمزہ رحمہ اللہ کا خاص مذہب ہے۔ کچھ صورتوں میں امام ابن عامر کے راوی امام ہشام بھی انہی کی طرح وقف کرتے ہیں۔

یہ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے جسے ہضم کرنا عام قاری کا کام نہیں، اسی وجہ سے فن قراءات کے بڑے بڑے ائمہ نے اس کے مشکل ہونے پر تنبیہ کی ہے اور اس کو سمجھنے کی تاکید بھی فرمائی ہے۔

یہ مسئلہ در اصل عربی لغت سے تعلق رکھتا ہے۔ چونکہ (ہمزہ) مخرج کے اعتبار سے تمام حروف سے ابعد الحروف (اقصی الحلق) اور ادائیگی کے اعتبار سے پر تکلف ہے اور چونکہ یہ صفتِ جہر اور شدت دو قوی صفتوں سے متصف بھی ہے اس لیے اہل لسان نے اس کو آسان کرنے کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے ہیں، خصوصاً قریش اور اہلِ حجاز اس میں مختلف طریقوں سے تصرف کرتے ہیں، اسی وجہ سے امام شاطبی رحمہ اللہ نے (باب وقف حمزۃ وہشام) کے آخر میں فرمایا ہے:

وفي الهمز أنحاء وعند نحاته يضيء سناه كل ما اسودّ أليلا

ترجمہ: اور ہمزہ میں (بہت ساری) وجوہ ہیں، اور اس کے نحویوں کے ہاں رات کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تاریکیوں میں اس کی روشنی چمکتی ہے۔

مگر یہ ضروری نہیں کہ جو وجوہ نحویوں کے ہاں جائز ہوں ان سب کو قراء بھی لیتے ہوں، تاہم نقل اور روایت کی بناء پر بہت ساری وجوہ پر قراء بھی عمل کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے وقفِ ہمزہ کے قراء اور نحویوں کے درمیان مواضع اتفاق واختلاف کو امام ابن الجزریؒ نے چار حصوں میں تقسیم کیا ہے:

۱. جس پر قراء اور نحویوں کا اتفاق ہو۔
۲. تخفیف کے وہ وجوہ جن میں نحویوں کا انفراد ہو اور قراء میں سے کچھ نے ان سے اتفاق کیا ہو اور کچھ نے اختلاف۔
۳. اس کے برعکس۔
۴. فریقین میں سے کچھ کا شذوذ ہو مگر اس کو نہ لیا گیا ہو۔

اور اس باب کے مشکل ہونے کی وجہ سے کئی علماء نے اس میں الگ رسالے تالیف کیے ہیں۔ تیسری صدی ہجری سے لے کر اب تک تقریباً پچاس کے لگ بھگ کتابیں لکھی جا چکی ہیں، جن میں سے چند کی طرف خود مؤلف قاری سعید احمد صاحب مدظلہٗ نے بھی مقدمے میں اشارہ کیا ہے، کچھ چھپ بھی چکی ہیں، ان میں سے:

ابوالعباس البغدادی (۲۷۳ھ)	ابن مہران (۳۸۱ھ)
ابن غلبون (۳۹۹ھ)	مکی بن ابی طالب (۴۳۷ھ)
ابو عمرو الدانی (۴۴۴ھ)	ابو شامہ (۶۶۵ھ)
ابن جبارہ (۷۲۸ھ)	الجعبری (۷۳۲ھ)
ابن بصخان (۷۴۳ھ)	ابن ام قاسم المرادی (۷۴۹ھ)
ابن القاصح (۸۰۱ھ)	القبیباتی (۹۲۶ھ)
ابن ابن الجزری (۸۱۴ھ)	الزبیدی (۸۴۸ھ)
ابن النجار (۸۷۰ھ)	الکرانی (۸۹۳ھ)
الطیبی (۹۸۱ھ)	ابوزید القاضی (۱۰۸۲ھ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

المغراوی (١٠٩٢ھ) ابوالسعود الدمیاطی (١٠٩٢ھ)
الرمیلی (١١٣٠ھ) ابن المنجرۃ (١١٣٧ھ)
محمد ھاشم السندي (١١٧٤ھ) الدمنھوری (١١٩٢ھ)
السمنودی (١١٩٩ھ) ابن عبدالسلام الفاسی (١٢١٤ھ)
التولی (١٣١٣ھ) المخللاتی (١٣١١ھ)
ابن یالوشہ (١٣١٤ھ)

وغیرہ کے رسائل قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ بھی کئی رسائل موجود ہیں مگر ان کے مؤلفین مجہول ہیں۔

زیر نظر رسالہ (الکنز فی وقف حمزہ وھشام علی الہمز) برادر محترم مولانا قاری سعید احمد صاحب دامت برکاتہٗ کی تالیف ہے۔ قاری صاحب مدظلہ سے ایک دفعہ مکہ مکرمہ میں شرفِ لقاء حاصل ہوا تھا۔ بہت ہی پروقار ہر دل عزیز شخصیت کے مالک ہیں۔ اس ملاقات کے بعد بذریعہ واٹس اپ ان سے رابطہ رہا، ابھی چند دن پہلے انہوں نے اردو میں لکھے ہوئے اپنے رسالہ کی تقریظ لکھنے کی غرض سے (PDF) فائل مجھے سینڈ کی۔ رسالے کو چیدہ چیدہ مقامات سے دیکھا، ماشاء اللہ قاری صاحب مدظلہ نے بہت محنت اور عرق ریزی سے یہ رسالہ لکھا ہے۔ چند احباب سے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس موضوع پر اردو میں اب تک شیخ القراء حضرت مولانا قاری اظہار احمد تھانوی رحمہ اللہ کے مختصر رسالے کے علاوہ کوئی کام نہیں ہوا۔

بہرحال دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رسالے کو مقبول خواص وعوام بنائے اور مؤلف کے لیے توشۂ آخرت بنائے۔ آمین

ابوطاہر السندی
مکہ مکرمہ
٢٨-٢-١٤٤٤ھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

استاذ الاساتذہ فضیلۃ الشیخ مولانا قاری محمد فیاض الرحمان علوی مدظلہ

سابق ممبر قومی اسمبلی مہتمم دار القراء نمک منڈی پشاور

الحمد لله وكفى وسلام على عباده الذين اصطفى

وعلى آله وصحبه ذوي الهدى، أمابعد!

سیدنا امام حمزہ رحمۃ اللہ علیہ وسیدنا ہشام رحمۃ اللہ علیہ وقفاً مہموز کلمات میں تخفیف کرتے ہیں جو قیاسی، تصریفی اور رسمی دو نوع پر مشتمل ہے جس کے لیے ہمزہ کی رسم پر مکمل عبور حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے بہت سے اکابر قراء کرام نے اس پر رسائل تحریر فرمائے ہیں اور شاطبیہ کی شروح میں جدول میں تخفیفی اقسام کو تقسیم کیا ہے۔ شیخ القراء مولانا قاری اظہار احمد تھانوی رحمہ اللہ نے "توضیح المرام" میں انتہائی آسان انداز میں تمام وجوہ جمع فرمائی ہیں۔ حضرت شیخ الشیوخ قاری فتح محمد تور اللہ مرقدہٗ نے "عنایاتِ رحمانی" میں جدول بنائے ہیں۔ العلویہ علی الشاطبیہ میں بندۂ ناچیز نے بھی آسان پیرایہ میں حل کی سعی کی اور تسہیل الاحکام فی وقف حمزۃ وھشام میں شاطبیہ، درہ، وطیبہ نشر دونوں طریق سے مہموز کلمات کی جائز وجوہ جمع کر دی ہیں۔

زیرِ نظر کتاب "الكنز في وقف حمزة وهشام" مؤلفہ المقری سعید احمد دامت برکاتہم کی سعی جمیلہ کو دیکھ کر مسرت ہوئی جس میں موصوف نے پوری تندہی و کاوش سے پورے قرآن کریم کے مہموز کلمات کو حل کیا ہے اور ضخامت و تکرار کی پرواہ نہیں کی۔ ظاہر ہے کہ اس میں محنت کی ضرورت ہے۔ اللہ رب العزت شرفِ قبولیت عطا فرمائیں، نفع عام سے نوازیں۔ ہمیں تو حضرت شیخنا المکرم نے دوران سبق خود جدول بنانے کا حکم فرمایا تھا۔ آج کے اساتذہ نے طلباء کرام کی بدمحنتی کے پیش نظر کتب و مشکل مسائل کو حلوہ بنا کر طلباء کے سامنے رکھ دیا ہے، مگر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا اسفی! اس موبائل نے تباہی پھیلا دی ہے۔ نہ مطالعہ نہ تکرار، بس محافل اور لغویات میں وقت ضائع ہو رہا ہے۔ حصولِ علم شیئ ناپید ہو کر رہ گئی ہے۔ قاری المقری سعید احمد کے لیے دعاگو ہوں۔ اللّٰھم زد فزد! اللہ رب العالمین ہم سب کو اخلاص کی دولت سے مالا مال فرمائے۔ آمین

فیاض الرحمن علوی

پشاور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

استاذ القراء فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا قاری محمد فداء اللہ صاحب الکندوی مدظلہ

مہتمم مدرسہ مرکزی دار التجوید والقراءات شاہ عالمی لاہور

نام کتاب: الکنز فی وقف حمزة وهشام علی الهمز

مؤلف: حضرت مولانا قاری سعید احمد صاحب

صدر مدرس شعبہ تجوید وقراءات جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

ناشر: قراءت اکیڈمی۔ الفضل مارکیٹ ۱۷۔ اردو بازار لاہور

ہمزہ پر حالتِ وقف میں امام حمزہؒ وہشامؒ کا وقف کرنا صاحبانِ فن قراءت کے نزدیک معرکۃ الآراء مسائل میں شمار ہوتا ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ اس باب میں بیان ہونے والی ہمزہ کی تخفیف کا تعلق وقف کے ساتھ ہی خاص ہے اور چونکہ یہ تخفیف قیاسی وصرفی بھی ہے اور رسمی بھی، جس کا تعلق ہمزہ کی رسم کے ساتھ ہے۔ اس طرح تخفیف کی بہت سی صورتیں اور شکلیں بن جاتی ہیں۔ اور جب اچانک قاری وقف کے لیے مجبور ہوتا ہے تو اس وقت یہ سوچنا مشکل ہوجاتا ہے کہ یہاں حرفِ ہمزہ کی رسم کس طرح ہے اور اس کلمہ میں تخفیف کی کتنی شکلیں ہیں۔ اور ان میں سے کس کس پر عمل ہوسکتا ہے اور کس کس پر نہیں۔ یہ ایک اچھی خاصی طویل اور الجھاؤ والی بحث ہے جس پر عبور حاصل کرنا آسان کام نہیں۔

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں:

"الوقف علی الهمز کا باب ایک مشکل باب ہے کہ جب تک ہمزہ کے بارے میں اہل عرب کے مذاہب، رسم خط، مصاحفِ عثمانیہ، نقل وروایت کی شناخت اور عقل ودرایت وپختگی حاصل نہ ہو۔ اس باب پر کماحقہ گرفت ممکن نہیں۔"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابو شامہؒ فرماتے ہیں:

"الوقف علی الهمز اپنے قواعد میں نظم ونثر کے اعتبار سے اور فہم مقاصد کے اعتبار سے مشکل ترین ابواب میں سے ہے۔"

(النشر في القراءات العشر: الجزء الأول، ص ۴۲۸)

چنانچہ کتاب " الکنز في وقف حمزة وهشام علی الهمز " کے مؤلف مولانا قاری سعید احمد صاحب مدظلہ "عرضِ مؤلف" کے تحت فرماتے ہیں:

"امام حمزہؒ اور ہشامؒ کلمہ مہموز پر وقف کرنے میں ایک خاص اسلوب رکھتے ہیں جس میں بے حد تنوع اور باریکیاں ہیں۔"

چند جملوں کے بعد تحریر فرماتے ہیں کہ:

"ہمزہ کے پانچ ابواب میں سے یہ سب سے مشکل باب ہے۔ علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ اس کی پوری معرفت اسی صورت میں حاصل ہو سکتی ہے کہ اہل عربیت کے مذاہب، عثمانی رسم اور روایات کا علم حاصل ہو۔ حافظ ابو شامہؒ کہتے ہیں کہ یہ سخت ترین باب ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں تغیر وتخفیف کی بہت سی صورتیں ہیں جن کی تعیین میں نئے معلمین کے علاوہ منتہی بھی دھوکا کھا جاتے ہیں، مبتدی بیچارے کی تو حقیقت ہی کیا ہے۔"

حضرت قاری صاحب (مؤلف) چند سطروں کے بعد مزید فرماتے ہیں کہ:

"اس (باب) کے مشکل ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ طالب علم شیخ سے پڑھتے وقت تمام کلمات پر تو وقف کرتا نہیں، صرف چند کلمات پر کرتا ہے۔ سو اُن پر تو وقف کرنے کا طریقہ معلوم ہو جاتا ہے لیکن جب اس کو کسی اور کلمہ پر بھی وقف کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے یا اس سے کوئی سوال کرتا ہے تو اس کے ادا کرنے کا طریقہ سمجھ میں نہیں آتا۔ اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ اس کلمہ کو اس کے ہم مثلوں میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شامل نہیں کر سکتا۔ اس لیے حیرت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔"

حضرت مؤلف (مدظلہ) اس کتاب کو تالیف کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

"اس لیے ضرورت محسوس ہوئی کہ اس باب کو مستقل کتاب کی شکل میں تحریر کر دیا جائے۔ چنانچہ خدا کے بھروسہ پر اس کو شروع کرتا ہوں اور اس کتاب کا نام "الكنز في وقف حمزة وهشام على الهمز" رکھتا ہوں۔ اللہ پاک اس کو قبول فرما کر وقفِ حمزہ وہشام کے دقائق طلباء پر منکشف فرمائے۔ آمین۔ ہم اپنی اس کتاب میں درج ذیل امور بیان کریں گے:

۱. پہلے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کا مختصر تعارف ذکر کریں گے۔

۲. پھر تخفیف کی کیفیت کو عموم کے ساتھ ذکر کریں گے۔

۳. پھر ہمزہ کی اقسام کو اس کی تخفیف کی کیفیت اور اس کی مثالوں کے ذکر کے ساتھ بیان کریں گے۔

۴. اور آخر میں ہم کلماتِ قرآنیہ کو سورتوں کی ترتیب پر ایک ایک سورت کر کے ذکر کریں گے۔

۵. اور مہموز کلمات میں جو جائز وجوہ بنتی ہیں ان کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ شاطبیہ کے اشعار کا حوالہ بھی ذکر کریں گے۔ امید ہے کہ طلباء اور اساتذہ اسے پسند فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ"

کتاب ۳۳۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ کمپوزنگ نہایت عمدہ ہے۔ ہر جلی عنوان کے بعد ذیلی عنوانات کے ساتھ مسئلہ کو واضح کیا گیا ہے۔ جداول سے خواب کام لیا گیا جس سے ہر مسئلہ طالب علم کے لیے سہل الحصول بن جاتا ہے۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مؤلف کتاب کو اپنی رضا نصیب فرمادے۔ طلبہ نیز معلمین حضرات کو اس کتاب سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی توفیق ارزانی فرمائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آمين يارب العالمين بجاه سيد المرسلين

عليه الصلاة والتسليم وبرحمتك ياأرحم الراحمين

(قاری) محمد فداء اللہ الکندوی

مدرسہ مرکزی دار التجوید والقراءۃ (رجسٹرڈ)

چوک شاہ عالم سرکلر روڈ لاہور (پنجاب)

۱۸ر صفر المظفر ۱۴۴۴ھ

۱۶ر ستمبر ۲۰۲۲ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مؤلف

الحمد لله رب العالمين والعاقبة للمتقين والصلاة والسلام على أشرف الأنبياء والمرسلين وعلى آله وأصحابه أجمعين. أمابعد

امام حمزہؒ اور ہشامؒ کلمہ مہموز پر وقف کرنے میں ایک خاص اسلوب رکھتے ہیں جس میں بے حد تنوع اور باریکیاں ہیں۔ حضرت امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی منظوم کتاب "حرز الأماني ووجه التهاني" میں باب وقف حمزۃ وہشام کے نام سے ایک باب لکھا ہے جس میں انہوں نے حضرت امام حمزہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ہشام رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہمزہ پر وقف کی کیفیت اور ہمزہ کی اقسام کو بیان کیا ہے اور ہمزہ کے پانچ ابواب میں سے یہ سب سے مشکل باب ہے۔

علامہ جزریؒ فرماتے ہیں کہ اس کی پوری معرفت اسی صورت میں حاصل ہو سکتی ہے کہ اہل عربیت کے مذاہب، عثمانی رسم اور روایات کا علم حاصل ہو۔

حافظ ابو شامہؒ کہتے ہیں کہ یہ سخت ترین باب ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں تغیر وتخفیف کی بہت سی صورتیں ہیں جن کی تعیین میں نئے معلّمین کے علاوہ منتہی بھی دھوکا کھا جاتے ہیں، مبتدی بیچارے کی تو حقیقت ہی کیا ہے۔ اسی وجہ سے ابو بکر احمد بن مہران المقری رحمۃ اللہ علیہ، ابو الحسن بن غلبون رحمۃ اللہ علیہ، ابو عمرو دانی رحمۃ اللہ علیہ نیز متاخرین میں سے بہت سے حضرات مثلاً ابن بضحان، جعبری اور ابن جبارہ وغیرہ شیوخ اور فن کے اماموں نے اس پر مستقل کتابیں لکھی ہیں۔

اس کے مشکل ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ طالب علم شیخ سے پڑھتے وقت تمام کلمات پر تو وقف کرتا نہیں، صرف چند کلمات پر کرتا ہے۔ سو اُن پر تو وقف کرنے کا طریقہ معلوم ہو جاتا ہے لیکن جب اس کو کسی اور کلمہ پر بھی وقف کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے یا اس سے کوئی سوال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کرتا ہے تو اس کے ادا کرنے کا طریقہ سمجھ میں نہیں آتا۔ اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ اس کلمہ کو اس کے ہم مثلوں میں شامل نہیں کر سکتا۔ اس لیے حیرت میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

لہٰذا شیخ کے لیے مناسب ہے کہ جب شاگرد ہمزہ والے کلمہ پر پہنچے تو اس پر وقف کرنے کا طریقہ بتانے کی خوب کوشش کرے تاکہ قرآنی کلمات کی روایات غلطی سے محفوظ رہیں اور ان کا تلفظ عقل کے خلاف بھی نہ ہو جائے۔

اس لیے ضرورت محسوس ہوئی کہ اس باب کو مستقل کتاب کی شکل میں تحریر کر دیا جائے۔ چنانچہ خدا کے بھروسہ پر اس کو شروع کرتا ہوں اور اس کتاب کا نام "الكنز في وقف حمزة وهشام على الهمز" رکھتا ہوں۔ اللہ پاک اس کو قبول فرما کر وقفِ حمزہ وہشام کے دقائق طلباء پر منکشف فرمائے۔ آمین

ہم اپنی اس کتاب میں درج ذیل امور بیان کریں گے:

۱. پہلے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کا مختصر تعارف ذکر کریں گے۔
۲. پھر تخفیف کی کیفیت کو عموم کے ساتھ ذکر کریں گے۔
۳. پھر ہمزہ کی اقسام کو اس کی تخفیف کی کیفیت اور اس کی مثالوں کے ذکر کے ساتھ بیان کریں گے۔
۴. اور آخر میں ہم کلماتِ قرآنیہ کو سورتوں کی ترتیب پر ایک ایک سورت کر کے ذکر کریں گے۔
۵. اور مہموز کلمات میں جو جائز وجوہ بنتی ہیں ان کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ شاطبیہ کے اشعار کا حوالہ بھی ذکر کریں گے۔ امید ہے کہ طلباء اور اساتذہ اسے پسند فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

اللہ وحدہٗ لاشریک سے دعا ہے کہ اسے طلبہ کے لیے کما حقہ مفید بنائے اور میرے لیے اور میرے والدین واساتذہ کرام اور ان مؤلفین کے لیے زادِ آخرت بنائے جن کی تحریروں سے اخذ کیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

گیا ہے۔آمین یارب العالمین

آخر میں شکریہ ادا کرنا چاہوں گا اپنے دو انتہائی مہربان اور شفیق اساتذہ کرام کا جن میں سے ایک تو اپنی زندگی کے ایام مکمل کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہو گئے۔ میری مراد شیخی وسندی حضرت فضیلۃ الشیخ المقری محمد ادریس عاصم نور اللہ مرقدہٗ اور دوسرے میرے شفیق استاذ استاذ القراء فضیلۃ الشیخ المقری نجم الصبیح تھانوی حفظہ اللہ تعالیٰ ابن امام القراء حضرت مولانا قاری المقری اظہار احمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ۔ ان دو حضرات نے اس کام کی طرف توجہ دلائی اور پھر مکمل سرپرستی اور رہنمائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں حضرات کو اپنی شایان شان اجر جزیل عطا فرمائے اور شیخ محمد ادریس عاصم رحمۃ اللہ علیہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

اسی طرح شکریہ کے مستحق ہیں برادرِ عزیز حضرت مولانا مفتی عبید الرحمٰن حفظہ اللہ تعالیٰ جنہوں نے کتاب کی کمپوزنگ کے ساتھ ساتھ بڑی محنت سے وقفی وجوہ کے نقشے تیار فرمائے۔ نیز برادرِ عزیز حضرت قاری عزیر احمد تھانوی حفظہ اللہ مدیر قراءت اکیڈمی لاہور جنہوں نے اس کتاب کے طباعتی امور کی نگرانی کی۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں حضرات کی محنت کو قبول فرمائے۔ آمین

وآخر دعوانا أن الحمد لله ربّ العالمين وصلّى الله على خير خلقه محمد وعلى آله وأصحابه أجمعين برحمتك يا أرحم الراحمين.

خادم القرآن وعلومہ

سعید احمد

فاضل ومدرس جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

۱۰ر محرم الحرام ۱۴۴۴ھ

بمطابق ۱۹ر اگست ۲۰۲۲ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اعتذار

کامل اور اکمل اور عیوب سے پاک اور مبرا صرف اور صرف ذاتِ الٰہی ہے۔ یقیناً اس کتاب میں بھی تسامحات اور اغلاط ہوں گی۔ اہل علم وقراءت سے گزارش ہے کہ مطلع فرما کر ممنون فرمائیں۔ شکریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام حمزہؒ کے حالات

آپ کا اسم مبارک حمزہ اور کنیت ابو عمارہ بن حبیب بن اسماعیل ہے۔ قبیلہ کے لحاظ سے آپ تیمی ہیں۔ کیونکہ آپ خود یا آپ کے بزرگوں میں سے کوئی قبیلہ تیم کے آزاد کردہ غلام تھے۔ آپ تبع تابعین میں سے ہیں۔ حد درجہ کے زاہد اور پرہیز گار تھے۔ امام ابن معینؒ کہتے ہیں کہ عبادت، زہد، فضل دین تقوی میں بہترین بندوں میں سے تھے۔ امام ابن فضلؒ کہتے ہیں کہ امام حمزہؒ کے باعث کوفہ کی بلا دور ہوتی تھی۔ آپ کے شیخ امام اعمش رحمۃ اللہ علیہ آپ کو دیکھ کر فرماتے تھے کہ یہ قرآن مجید کا عالم ہے۔ اور آیت ﴿وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ﴾ [الحج: ٣٤] پڑھتے۔ امام حمزہؒ فرماتے ہیں کہ میں نے کتاب اللہ کا ایک حرف بھی نقل کے بغیر نہیں پڑھا۔

آپ پڑھانے پر تنخواہ نہیں لیتے تھے۔ حتیٰ کہ گرمی کے دنوں میں بھی شاگردوں کے ہاتھ سے پانی تک پینا گوارا نہیں تھا۔ آپ کا ذریعہ معاش یہ تھا کہ کوفہ سے زیتون لے جاکر حلوان میں اور وہاں سے پنیر اور اخروٹ لاکر کوفہ میں فروخت کرتے تھے۔

امام شعیب بن حرب فرماتے ہیں کہ میں کوفہ میں پہنچا تو امام سفیان ثوری اور شریک بن عبداللہؒ کو دیکھا کہ امام حمزہ: کے سامنے بیٹھے پڑھ رہے ہیں۔ میں نے اپنے جی میں کہا: "کاش ان کے ساتھ تیسرا میں بھی ہوتا۔"

خود فرماتے ہیں کہ میں نے حضور سرور کائنات، فخر دوعالم، تاجدار مدینہ، خاتم الانبیا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے ۱۰۰۰ حدیثیں سند کے ساتھ روایت کی ہیں۔ آپ کی عادتِ مبارکہ یہ تھی کہ جب پڑھا کر فارغ ہو جاتے تو چار رکعتیں پڑھتے۔ ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کے درمیان بھی نماز پڑھتے تھے۔

آپ رات کو اکثر حصہ بیدار رہ کر گزارتے تھے۔ لوگوں کا بیان ہے کہ آپ کو جس وقت بھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کوئی دیکھتا پڑھاتے ہی ہوتے تھے۔ نیز روایت ہے کہ ہر مہینہ میں ۲۸ یا ۲۷ یا ۲۵ قرآن مجید ترتیل کے ساتھ ختم فرماتے تھے۔ ترتیل کا معنی ہے مخارج وصفات کی رعایت رکھتے ہوئے حروف کو خوبصورتی کے ساتھ ادا کرنا۔ اور ہمزوں کو تحقیق (سختی) کے ساتھ پڑھنا اور مدات وحرکات وسکنات وتشدید اور غنہ کو پورے طور پر ادا کرنا۔ اور یہ بھی خیال کرنا کہ اعتدال کی حد سے باہر نہ ہو جائے۔

امام حمزہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "زلفوں میں معمول سے زیادہ خم پیدا ہو جائیں تو وہ قطط الجھے ہوئے بال کہلاتے ہیں اور خوبصورت نہیں رہتے اور سفیدی حد سے بڑھ جائے تو اس کا نام صرف برص ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جو قراءت مدات وغنات کی مقدار میں اعتدال سے باہر ہو جائے وہ کامل قراءت نہیں بلکہ ناقص اور لحن ہے۔" انتہیٰ

یہاں سے ان دوستوں کو سبق حاصل کرنا چاہیے جو لہجہ کو خوشگوار بنانے کے شوق میں مست ہو کر غنہ اور اخفاء اور الفات کو حد سے زیادہ بڑھاتے چلے جاتے ہیں اور جگہ جگہ سکتہ کرتے ہیں اور بلاوجہ اپنے اوپر مشقت ڈالتے ہیں اور ان کو چند کلمات پڑھنے کے بعد جابجا سانس بھی لینا پڑتا ہے جس سے تلاوت کا حسن بالکل جاتا رہتا ہے اور ایسے اکثر حضرات ایک مجلس میں ایک دو رکوع سے زیادہ نہیں پڑھ سکتے۔ ایسے خود ساختہ تکلفات کے باعث ہم نے کلام الٰہی کی تلاوت کو ایک پہاڑ بنا لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ پناہ دے۔ ہم نے قرآن مجید کو غلط اور تجوید کے خلاف پڑھنے کو بھی تفریح کا سامان قرار دے لیا ہے اور سننے والوں کا مزاج بھی اس قدر بگڑ گیا ہے کہ وہ بھی ایسی ہی تلاوت پسند کرتے ہیں۔

دوستو! اللہ تعالیٰ کے کلام کو اسی کو خوش کرنے کی نیت سے پڑھو اور جس قدر ہو سکے عمدہ سے عمدہ لہجوں میں پڑھو اور آواز کو نفیس اور عمدہ بنانے کی کوشش کرو لیکن تجوید کی حدود سے ذرا بھی باہر نہ جاؤ۔

ایک مرتبہ امام حمزہؒ نے خواب میں دیکھا کہ حق تعالیٰ سبحانہ نے آپ کو مرحبا فرمایا اور ان کے لیے کرسی بچھائی اور ان کی تعظیم کی اور ان کو حکم فرمایا کہ قرآن کی تلاوت کرو۔ اور ترتیل کے ذریعہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس کو خوب روشن اور ظاہر کر کے پڑھو۔ اور چند موقعوں میں جس طرح آپ نے پڑھا تھا حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس کے علاوہ دوسری طرح بتایا اور انہی میں سے ﴿وَإِنَّا اخْتَرْنٰكَ﴾[1] بھی ہے جس کو آپ نے ﴿وَإِنَّا اخْتَرْنٰكَ﴾ پڑھا۔ اور رب تعالیٰ نے ﴿وَأَنَا اخْتَرْتُكَ﴾ کا پڑھنے کا حکم دیا۔

اور ﴿تَنزِيلَ الْعَزِيزِ﴾ [یس: ٥] بھی ہے جس کو آپ نے رفع سے پڑھا اور رب تعالیٰ نے نصب سے پڑھنے کا حکم دیا۔ آپ کوفہ کے دوسرے قاری ہیں۔ امام عاصم اور اعمش کے بعد کوفہ میں سب سے بڑے امام القراءات تھے۔ آپ قراءۃ کے علاوہ علم فرائض (علم میراث) میں بھی بہت ماہر تھے۔ اسی باعث آپ کو فرضی بھی کہا جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہؒ نے موصوف سے فرمایا کہ بلاشبہ آپ دو چیزوں میں ہم پر غالب اور فائق ہیں۔ ان میں ہم آپ کی برابری نہیں کر سکتے: ایک علم میراث۔ دوسرا علم فرائض۔[2]

آپ نے عبدالملک کے زمانے میں ٨٠ ہجری میں پیدا ہوئے اور ١٥٦ ہجری میں بعمر ٧٦ سال منصور یا مہدی کے زمانے میں حلوان میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ!

آپ کے بہت سے راویوں میں سے صرف دو راویوں کی روایتیں بہت مشہور ہیں۔ اس وقت روئے زمین پر وہی پڑھی اور پڑھائی جاتی ہیں اور وہ دو راوی یہ ہیں: (١) خلف۔ (٢) خلاد۔

سیدنا خلف رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسم مبارک خلف اور کنیت ابو محمد ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام ہشام بزار ہے۔ آپ نے دس سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا اور تیرہویں سال حدیث کی سماعت شروع کی۔ خود فرماتے ہیں کہ مجھے عربیت میں ایک مشکل پیش آئی تو میں نے اس کے لئے ٨٠ ہزار درہم خرچ

---

(١) واضح ہو کہ ان کی قرءت بھی اسی طرح ہے اور اس کی بنیاد محض خواب نہیں بلکہ سند متواتر ہے۔

(٢) از نشر ص ١٦٦

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کیے حتیٰ کہ اس کو حل کر لیا۔

صاحب نشر فرماتے ہیں کہ آپ بہت بڑے امام، عالم، ثقہ، زاہد اور بہت عبادت گزار تھے۔ آپ امام سلیمؒ کے ممتاز شاگردوں میں سے تھے۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی شیوخ سے پڑھا۔ آپ کے ثقہ اور (صدوق) ہونے ہی کی وجہ سے امام مسلم اپنی صحیح میں اور امام داود اپنی سنن میں اور ان کے علاوہ اور حضرات علماء ان سے حدیث روایت کرتے ہیں۔ آپ ہمیشہ روزہ رکھتے تھے۔ دانیؒ فرماتے ہیں کہ آپ نے امام نافع کی قراءت اسحاق مسیّبی سے اور امام عاصم کی قراءت یحییٰ سے پڑھی، اور خود بھی دسویں قراءۃ اختیار کی۔

آپ صاحب سنت ثقہ، مامون اور حدیث میں بھی مقدم تھے، آپ نے بغداد میں جمادی الثانی ۳۲۸ھ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ!

سیدنا خلاد رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسم مبارک خلاد اور کنیت ابو عیسیٰ ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام ایک قول کی بنا پر خالد اور دوسرے قول کی رو سے خلید تھا۔ صاحب نشر فرماتے ہیں کہ آپ قراءۃ میں امام اور ثقہ، عارف، محقق، موجود اور قوی الحافظہ تھے۔ حضرت دانیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیم کے تلامذہ میں آپ سب سے زیادہ ضابط اور جلیل القدر تھے۔ آپ کے ثقہ ہونے کی بنا پر ترمذی اور ابن خزیمہ کی صحیح میں آپ سے ایک ایک حدیث منقول ہے۔ آپ کی وفات کوفہ میں ۳۳۰ھ میں ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ!

ان دونوں حضرات نے حضرت امام ابوحنیفہ سلیم بن عیسی حنفی سے قراءات پڑھیں۔ ان کے حالات میں صاحب نشر فرماتے ہیں کہ آپ قراءات میں امام اور ضابط اور ماہر تھے۔ قراءۃ حمزہ کے اختلافات میں اَضبط واَحفظ تھے۔ امام حمزہؒ کے تلامذہ میں سب سے زیادہ قوی الحافظہ اور ان کے خواص میں سے تھے۔ قراءۃ میں آپ امام حمزہؒ کے نائب بنے۔ امام یحیی بن عبدالملک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فرماتے ہیں کہ ہم امام حمزہ کے روبرو قراءت پڑھتے ہوتے اور سلیم تشریف لے آتے تو امام حمزہ ہم سے فرماتے مؤدب اور ہوشیار ہو کر اور جم کر بیٹھو کہ سلیم آگئے ہیں۔ خود فرماتے ہیں کہ میں نے امام حمزہؒ سے دس مرتبہ قرآن مجید پڑھا۔ صاحب نشر کے بیان کے مطابق ۱۸۸ھ یا ۱۸۷ھ میں بعمر ۶۸ یا ۶۷ سال کوفہ میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ!

حضرت سلیم نے امام حمزہ سے، انہوں نے امام ابو اسحٰق عمرو بن عبداللہ سبیعی اور حضرت عبداللہ جعفر الصادق بن حضرت محمد باقر ابن حضرت زین العابدین بن حضرت حسین بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ وغیرہ آٹھ شیوخ کرام سے قرآن مجید پڑھا۔ اور حضرت عبداللہ جعفر نے اپنے والد ماجد حضرت محمد باقر سے اور انہوں نے اپنے والد حضرت زین العابدین سے اور انہوں نے حضرت حسین سے اور انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے اور انہوں نے حضور پر نور سرور دوعالم شفیع المذنبین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے اور آپ نے حضرت جبریل علیہ السلام سے اور انہوں نے لوحِ محفوظ سے یارب جلیل وقدیر سے حاصل کیا۔ (از نشر)

امام سیدنا ہشام رحمۃ اللہ علیہ

یہ آپ کا اسم مبارک ہے اور کنیت ابوالولید ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام عمار ہے۔ آپ سُلَمی ہیں۔ تبع تابعین میں سے ہیں۔ ۱۵۳ھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے میں دمشق کے قاضی، مفتی، محدث، قراءات کے استاذِ اعلیٰ اور خطیب تھے۔ امام دارقطنیؒ فرماتے ہیں کہ آپ بات کے نہایت سچے اور بڑی شان والے اور بہت بڑے فصیح اور واسع الروایت تھے۔

امام بخاریؒ نے بھی اپنی صحیح میں ان سے روایت کی ہے۔ امام عبدانؒ فرماتے ہیں کہ (آپ کی فصاحت کا حال یہ تھا کہ) میں نے ان کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے بیس سال سے کوئی خطبہ بھی ایسا نہیں دیا کہ جس کی تیاری پہلے سے نہ کی ہو۔ آپ نے ۲۲۵ھ یا ۲۴۴ھ میں ۹۲ یا ۹۱ سال کی عمر میں وفات پائی۔ رحمۃ اللہ علیہ!

آپ کے شیوخ چار ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱. ابوالعباس صدقہ بن خالد۔
۲. امام ابو محمد سعود بن عبدالعزیز۔
۳. ابوالحسن عراک بن خالد صدی تابعی۔
۴. امام ابوسلیمان ایوب بن ایوب تمیمی۔

یہ چاروں حضرات دمشق کے رہنے والے ہیں۔ ان سب نے یحییٰ بن حارث ذماری سے اور انہوں نے حضرت امام عامر شامی سے پڑھا۔ آپ نے بلا خلاف امام ابی ہاشم، مغیرہ بن ابی شہاب، عبداللہ بن عمرو بن المغیرہ مخزومی سے اور انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قرآن مجید پڑھا ہے۔ اور حضرت امام دانی کے ایک قول کی رو سے تو آپ نے ابو درداء عویمر بن قیس رضی اللہ عنہ سے بھی پڑھا ہے۔

صاحب نشر فرماتے ہیں کہ دانی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ روایت (کہ امام عامر نے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے بھی پڑھا ہے) ہمیں صحت کے ساتھ پہنچی ہے اور آپ کے ایک شاگرد ذماری کے بیان کے مطابق آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی پڑھا ہے۔ اور ایک قول کے مطابق حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ سے بھی پڑھا ہے۔ ان تینوں حضرات "حضرت عثمان، حضرت واثلہ اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہم" نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہمزہ کی تخفیف کی اقسام

۱. تسہیل بین بین۔ اور اس کی درج ذیل صورتیں ہیں:

i. ہمزہ مفتوح کی تخفیف ہمزہ اور الف کے درمیان۔

ii. ہمزہ مکسور کی تخفیف ہمزہ اور یاء کے درمیان۔

iii. ہمزہ مضموم کی تخفیف ہمزہ اور واؤ کے درمیان۔

۲. حرف مدہ کے ساتھ ابدال۔ اور اس کی درج ذیل صورتیں ہیں:

i. جو ہمزہ فتحہ کے بعد ہو اُسے الف سے بدلا جاتا ہے جیسے یألمون

ii. جو ہمزہ کسرہ کے بعد ہو اُسے یاء سے بدلا جاتا ہے جیسے الذئب

iii. جو ہمزہ ضمّہ کے بعد ہو اُسے واؤ سے بدلا جاتا ہے جیسے یؤمنون

۳. نقل۔

یعنی ہمزہ کی حرکت اُس سے پہلے حرف کی طرف نقل کرنا ہمزہ کو حذف کرنے کے ساتھ۔ (ہمزہ کا ماقبل ساکن ہوتا ہے اور ہمزہ کو حذف کرنے سے اُس ساکن پر ہمزہ کی حرکت آجاتی ہے۔ جیسے مسئولا)

۴. حذف۔ یعنی ہمزہ کو حذف کرنا جیسے مستھزؤن میں۔

۵. ادغام۔

ادغام کی حقیقت اصل میں ابدال ہی ہے جیسا کہ بریئون جیسی مثالوں میں کہ ان میں ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کی جنس کے حرف مدہ سے تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ ساتھ ساتھ ماقبل کا ادغام بھی کر دیا جاتا ہے۔

اور "رؤیا" جیسی مثالوں میں کہ ان میں ہمزہ کو واؤ ساکنہ مدہ سے تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ پھر یاء مدہ سے تبدیل کیا جاتا ہے اور اُس کا بعد والے حرف میں ادغام کر دیا جاتا ہے۔ اور یہ طریقہ کار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اہل صرف کے ہاں معروف ہے۔

اور بین بین تسہیل عام طور پر ہمزہ کی درج ذیل صورتوں میں ہوتی ہے:

۱. ہمزہ اور الف کے درمیان۔ جبکہ ہمزہ مفتوح فتحہ کے بعد ہو۔ جیسے "بدأكم" اور جبکہ الف کے بعد ہو۔ جیسے "جاءكم"

۲. ہمزہ اور یاء کے درمیان جبکہ ہمزہ مکسور:

i. فتحہ کے بعد ہو۔ جیسے ليطمئنّ

ii. الف کے بعد ہو۔ جیسے من نساءكم

iii. کسرہ کے بعد ہو۔ جیسے خاسئين

iv. ضمّہ کے بعد ہو۔ جیسے سئل، سئلوا

۳. ہمزہ اور واؤ کے درمیان۔ جبکہ ہمزہ مضموم:

i. فتحہ کے بعد ہو۔ جیسے رءوف

ii. ضمّہ کے بعد ہو۔ جیسے رءوس

iii. الف کے بعد ہو۔ جیسے جاءوا

iv. کسرہ کے بعد ہو۔ جیسے مستهزؤن، المنشئون

اور ابدال درج ذیل صورتوں میں ہوتا ہے:

۱. ہمزہ مفتوح ضمّہ کے بعد ہو۔ جیسے مؤجّلا اور اسے واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدلا جاتا ہے۔

۲. ہمزہ مفتوح کسرہ کے بعد ہو۔ جیسے الفتان اور اس کو یاء مفتوحہ سے بدلا جاتا ہے۔

۳. ہمزہ ساکن جو کہ:

i. فتحہ کے بعد ہو۔ جیسے وتأمرون۔ اور اسے الف کے ساتھ بدلا جاتا ہے۔

ii. کسرہ کے بعد ہو۔ جیسے جئنا۔ اور اسے یاء کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

iii. ضمّہ کے بعد ہو۔ جیسے یؤمنون۔ اور اُسے واؤ کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔

۴. ہمزہ مضموم کسرہ کے بعد ہو۔ امام اخفش ؒ کے مذہب کے مطابق اُسے یاء مضموم کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے مستهزءون۔

۵. ہمزہ مکسور ضمّہ کے بعد ہو۔ امام اخفش ؒ کے مذہب پر اُسے واؤ مکسورہ کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے سئلوا

اور نقل اس متحرک ہمزہ میں ہوتا ہے جو ساکن کے بعد ہو:

۱. وہ ساکن حرفِ صحیح ہو۔ جیسے القرآن، مسئولا، من آمن

۲. وہ ساکن یاء ساکنہ اصلیہ ہو۔ جو کہ:

i. کسرہ کے بعد ہو۔ جیسے سیئت

ii. فتحہ کے بعد ہو۔ جیسے شیء، شیئا، ابنی آدم

۳. وہ ساکن واؤ ساکنہ اصلیہ ہو جو کہ:

i. ضمّہ کے بعد ہو۔ جیسے السُّوء، لتنوء

ii. فتحہ کے بعد ہو۔ جیسے سوء، خلوا إلى

اور ادغام اس ہمزہ متحرک میں ہوتا ہے جو:

۱. یاء ساکنہ اصلیہ کے بعد ہو۔ جیسے شیء، شیئا۔ اور یاء ساکن زائدہ کے بعد ہو۔ جیسے بریئون۔

۲. واؤ ساکنہ اصلیہ کے بعد ہو۔ جیسے سَوء۔ اور واؤ ساکنہ زائدہ کے بعد ہو۔ جیسے قُروء۔

۳. لفظ "الرّؤیا" کا باب اس کی دو صورتوں میں سے ایک صورت میں۔

۴. لفظ "رئیا" کا باب اُس کی دو صورتوں میں سے ایک صورت میں۔

اور حذف اُس ہمزہ میں ہوتا ہے جس کی صورت حذف کر دی جائے مصاحفِ عثمانیہ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسم الخط کے تابع ہو کر۔ جیسا کہ مستهزءون اور رءوس کا ہمزہ اور اس جیسی دوسری مثالیں جن کو ہم ان شاء اللہ مذہبِ رسمی کی بحث میں واضح کریں گے، کیونکہ امام حمزہؒ کی قراءت کے مطابق ہمزہ پر حذف کرنے کی کیفیت کے بارے میں دو مذہب ہیں، ایک اہل لغت کا مذہب جو مذہب تصریفی ہے اور دوسرا مذہبِ رسمی جو مصاحف عثمانیہ کے رسم الخط کے تابع ہے۔ اور سیدنا ہشامؒ نے امام حمزہؒ کی موافقت کی ہے اُس ہمزہ کے بارے میں جو کلمہ کے آخر میں ہو۔

اور وقف کی حالت میں صرف امام حمزہؒ ہمزہ کی تخفیف کے قائل ہیں۔

اور سیدنا ہشامؒ نے اُن کی موافقت کی ہے اُس ہمزہ کے بارے میں جو کلمہ کے آخر میں ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اوّلاً مذہبِ قیاسی (تصریفی)

مذہب قیاسی تصریفی وہ ہے جو اہلِ عربیت کے موافق ہو کیونکہ یہ محال ہے کہ جو چیز عربیت میں جائز نہ ہو وہ قراءت میں جائز ہو، بلکہ بسا اوقات عربیت میں وہ چیزیں بھی جائز ہوتی ہیں جو قراءت میں جائز نہیں ہوتیں۔ کیونکہ قراءت ایک پیروی کیا ہوا طریقہ ہے جس کو بعد کے لوگ پہلے لوگوں سے لیتے ہیں۔

چنانچہ عربیت میں بعض حضرات کے نزدیک ماقبل کی حرکت کی جنس کے مطابق ہمزہ کی تسہیل جائز ہے جبکہ روایتِ صحیحہ متواترہ میں یہ جائز نہیں۔ یہ صرف ایک مثال ہے۔ قرآن کریم لغت کی اصل اور اُس کی حجت ہے نہ کہ اس کا برعکس۔ لہٰذا قرآن کریم میں جو لغت کے قواعد آئے ہیں وہ لغت کے لیے حجت ہیں کیونکہ وہ اللہ الخالق کی طرف سے ہیں جبکہ اس لغت کے فصیح ترین لوگ بھی اس کے جیسا پیش کرنے سے عاجز ہو گئے۔

ہمزہ کی اقسام اور تخفیف کی کیفیت

ہمزہ دو قسموں پر تقسیم ہوتا ہے:

۱۔ ساکن ۲۔ متحرک

اوّلاً ہمزہ ساکن

ہمزہ ساکن دو قسموں پر تقسیم ہوتا ہے:

۱. بتطرف: وہ ہمزہ ہے جس پر آواز منقطع ہو جائے۔

۲. متوسط: وہ ہمزہ ہے جس پر آواز منقطع نہ ہو۔

پھر ہمزہ ساکن متطرف دو قسم پر ہے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱. ہمزہ لازم: یہ تبدیل نہیں ہوتا اس لیے اپنی حالتوں پر برقرار رہتا ہے۔
۲. ہمزہ عارض: یہ وقف کے وقت ساکن ہو جاتا ہے اور وصل کے وقت متحرک ہو جاتا ہے۔

اور ہمزہ ساکن لازم سے پہلے متحرک حرف آتا ہے جس پر:

۱. فتحہ ہوتا ہے جیسے اقرأ۔ اور امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں یہ ہمزہ وقف کی صورت میں الف سے بدل جاتا ہے۔
۲. کسرہ ہوتا ہے جیسے: نبئ۔ اور امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں یہ ہمزہ وقف کی صورت میں یاء سے بدل جاتا ہے اور قرآن میں اس ہمزہ سے پہلے ضمہ کہیں نہیں آیا۔

اور ہمزہ ساکن عارض سے پہلے تینوں حرکتیں آتی ہیں یا اُس سے پہلے ساکن حرف آتا ہے۔ لہٰذا اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱. فتحہ کی حرکت کے ساتھ وصل کرتے ہوئے متحرک اور وقف کے لیے ساکن۔ اور اُس سے پہلے:
   i. مفتوح حرف ہوگا۔ جیسے بدأ، امرأ۔ اور امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں وقف کی حالت میں الف کے ساتھ بدل جائے گا۔
   ii. مکسور حرف ہوگا۔ جیسے قرئ، استهزئ۔ اور امام حمزہؒ اور اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں وقف کی حالت میں یاء سے بدل جائے گا۔
   iii. حرف صحیح ساکن ہوگا۔ جیسے الخباء۔ اور اس کا حکم یہ ہے کہ امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں وقف کی حالت میں ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کو ساکن کر دیں گے۔
   iv. واؤ ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے ليسوء، أن تبوء، اور اس کا حکم یہ ہے کہ امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں ہمزہ کی حرکت نقل کی جائے گی اور ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جائے گا حالت وقف میں۔

v. یاء ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے جیء، سیء، تفیء۔ اور اس کا حکم امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں وقف کی حالت میں نقل کرنا اور ادغام کے ساتھ تبدیل کرنا ہوگا سکون کے ساتھ۔

vi. الف اصلیہ یا زائدہ ہوگا۔ جیسے شاء، إنّ أولیاء۔ اور اس کا حکم اس ہمزہ کو الف کے ساتھ بدلنا ہے اس سے پہلے الف میں اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔ کیونکہ حرف مد اس ہمزہ سے پہلے واقع ہوا ہے جس کو ابدال کے ذریعے تبدیل کیا گیا ہے، اس میں مد اور قصر دونوں جائز ہیں۔ رہا توسط، تو وہ امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں وقف عارضی پر قیاس کرتے ہوئے ہے۔

۲. ہمزہ کسرہ کے ساتھ حالت وصل میں متحرک ہوگا اور وقف کی صورت میں ساکن ہوگا اور اس سے پہلے:

i. مفتوح حرف ہوگا۔ جیسے عن النبأ۔ اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں الف کے ساتھ ابدال ہوگا یا وقف کرتے ہوئے روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔

ii. مکسور حرف ہوگا۔ جیسے من شاطیء۔ اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں یاء ساکنہ کے ساتھ ابدال یا روم ہوگا۔ اور وقف کرتے ہوئے روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔

iii. مضموم حرف ہوگا۔ جیسے کأمثال اللؤلؤ کا دوسرا ہمزہ۔ اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں واؤ ساکنہ کے ساتھ ابدال اور روم ہوگا۔ اور وقف کرتے ہوئے روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔ (رہا پہلا ہمزہ جو کہ لازمی طور پر ساکن ہے تو صرف امام حمزہؒ وقف کی صورت میں اس کی تخفیف کے قائل ہیں اور سیدنا ہشامؒ اس کی تحقیق کے قائل نہیں۔ اور اس بنیاد پر امام حمزہؒ کی قرأت میں پہلے ہمزہ کا واؤ ساکنہ کے ساتھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابدال ہوگا اور دوسرے ہمزہ میں واؤ کے ساتھ ابدال ہوگا سکون اور روم کے ساتھ، یا روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ میں تحقیق ہوگی اور اُس کے ساتھ دوسرا ہمزہ واؤ کے ساتھ تبدیل ہوگا سکون اور روم کے ساتھ یا روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔)

iv. یاء ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے من شیء اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں حالت وقف میں نقل اور ابدال ہوگا ادغام کے ساتھ۔ اور نقل اور ادغام دونوں صورتوں میں اُس پر جزم اور روم ہوگا۔

v. واؤ ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے من سوء، مثل السوء اور اس میں بھی امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں نقل اور ادغام دونوں ہوں گے اور یہ دونوں جزم اور روم کے ساتھ ہوں گے۔

vi. واؤ ساکنہ زائدہ ہوگا جو کہ ثلاثة قروء میں آیا ہے۔ اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں ادغام ہوگا۔ جزم اور روم کے ساتھ حالت وقف میں۔ اور اس سے پہلے ہم ادغام کی کیفیت واضح کر چکے ہیں۔

vii. الف اصلیہ یا زائدہ ہوگا۔ جیسے من السماء، على استحياء اور اس میں حالت وقف میں درج ذیل صورتیں ہوں گی:

I. الف کے ساتھ بدلنا اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔ (تین صورتیں)

II. روم کے ساتھ تسہیل امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔ (دو صورتیں) پس کل پانچ صورتیں ہیں جن کا نام "پانچ قیاسی صورتیں" ہے۔

۳. ہمزہ ضمہ کے ساتھ حالت وصل میں متحرک ہوگا اور حالت وقف میں ساکن ہوگا اور اُس سے پہلے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

i. مفتوح حرف ہوگا۔ قال الملأ، يبدأ۔ اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں حالت وقف میں الف کے ساتھ ابدال اور روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔

ii. مکسور حرف ہوگا۔ جیسے يستهزئ، ينشئ۔ اور اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں حالت وقف میں یاء کے ساتھ ابدال ہوگا جزم، اشمام اور روم کے ساتھ، یا روم کے ساتھ تسہیل ہوگی۔

iii. حرفِ صحیح ساکن ہوگا۔ جیسے ملء، دفء۔ اور اس میں امام حمزہؒ کی روایت میں وقف کی حالت میں نقل ہوگی جزم، اشمام اور روم کے ساتھ۔

iv. واؤ ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے لتنوء، السّوء اور اس میں وقف کی حالت میں:

I. نقل ہوگا جزم، اشمام اور روم کے ساتھ۔

II. ابدال ہوگا ادغام کے ساتھ، جزم، اشمام اور روم کے ساتھ۔

v. یاء ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے يضيء، شيء، المسيء۔ اس میں وقف کی حالت میں نقل اور ادغام ہوگا جزم، اشمام اور روم کے ساتھ گزشتہ صورت کی طرح۔

vi. یاء ساکنہ زائدہ ہوگا۔ جیسے دريء، بريء۔ اور اس میں وقف کی حالت میں جزم، اشمام اور روم کے ساتھ ادغام ہوگا۔ امام حمزہؒ کے وصل کرنے کی صورت میں دريء کے ہمزہ کے بارے میں منفرد ہیں۔ اور اس سے پہلے ہم ادغام کی کیفیت واضح کر چکے ہیں۔

vii. الف اصلیہ یا زائدہ ہوگا۔ جیسے إذا السّماء، أنباء، أولياء۔ اور اس میں حالت وقف میں:

I. الف کے ساتھ ابدال ہوگا اشباع اور توسط اور قصر کے ساتھ۔

II. تسہیل ہوگی اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں۔ اور توسط اور قصر کے ساتھ سیدنا ہشامؒ کی روایت میں یعنی "پانچ قیاسی صورتیں"۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ سے کلمہ کے آخرہ ہمزہ کی وقف کی حالت میں تخفیف منقول ہے۔ اور صرف امام حمزہؒ سے درمیان میں آنے والے ہمزہ کی تمام اقسام کی تخفیف منقول ہے۔

رہا ہمزہ ساکن متوسط، تو وہ دو طرح آتا ہے: اپنی ذات میں متوسط اور دوسرے حرف کی بنا پر متوسط۔ اور صرف امام حمزہؒ وقف کی حالت میں اُس کی تخفیف کے قائل ہیں:

اوّلاً: اپنی ذات میں ہمزہ متوسط۔

یہ تین حرکتوں میں سے کسی ایک کے بعد آتا ہے:

۱. فتحہ کے بعد۔ جیسے يأْ لمون، بوّأنا، فادّارأتم، اطمأننتم اور اس جیسی دوسری مثالیں۔ اور اس میں حالت وقف میں الف کے ساتھ ابدال ہوگا (اور ہمزہ فاء کلمہ یا عین کلمہ یا لام کلمہ کے مقابلے میں آتا ہے جیسا کہ ہم نے مثالیں بیان کیں، خواہ فعل میں ہو یا اسم میں۔)

۲. ضمّہ کے بعد۔ جیسے يؤمنون، مؤمنون، المؤتفكة اور اس میں وقف کی حالت میں واؤ کے ساتھ ابدال ہوگا۔

۳. کسرہ کے بعد۔ جیسے ينس، الذئب، جئنا، نبئنا اور اس میں وقف کی حالت میں یاء کے ساتھ ابدال ہوگا۔

ثانیاً: دوسرے حرف کی وجہ سے متوسط۔

اور یہ ہمزہ، ہمزہ وصل کے بعد آتا ہے اور یہ اپنے ماقبل کے اعتبار سے تین صورتوں میں تقسیم ہوتا ہے:

۱. جس سے پہلے فتحہ ہو۔ جیسے قال ائتونی، الهدى ائتنا اور اس میں وقف کی حالت میں الف کے ساتھ ابدال ہوگا۔ (صرف دو حرکتوں کی بقدر مد کی جائے گی)

۲. جس سے پہلے مکسور ہو۔ جیسے السموات ائتونی، الّذی ائتمن، والارض ائتيا۔ اور اس میں وقف کی حالت میں یاء کے ساتھ ابدال ہوگا۔ (دو حرکتوں کے بقدر مد کی جائے گی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳. جس سے پہلے ضمہ ہو جیسے یا صالح ائتنا، فرعون ائتونی، الملك ائتونی، یقول ائذن، قالوا ائتو۔ اور اس میں وقف کی حالت میں واؤ کے ساتھ ابدال ہوگا۔ (دو حرکتوں کے بقدر مد کی جائے گی)

یہاں پر ہمزہ ساکن کا بیان ختم ہوتا ہے چاہے وہ سکون لازمی طور پر ہو یا وقف کی وجہ سے عارضی طور پر ہو۔

ثانیاً ہمزہ متحرک

ہمزہ متحرک دو قسموں پر تقسیم ہوتا ہے:

۱. کلمہ کا آخری ہمزہ۔ اس کے بارے میں کلام گزر چکا ہے کیونکہ یہ وقف کی وجہ سے عارضی طور پر ساکن ہو جاتا ہے۔

۲. متوسط۔ (درمیان میں) اس کی دو قسمیں ہیں:

i. متوسط بنفسہ۔ یعنی جو بذاتِ خود کلمہ کے حروف کے درمیان ہو اور اس کے حذف سے معنیٰ سمجھ میں نہ آتا ہو۔ جیسے الملائکة۔

ii. متوسط بغیرہ۔ یعنی جو کسی زائد حرف کے ساتھ درمیان میں ہو اور یہ وہ ہمزہ زائدہ ہے کہ اگر اس کو حذف کر دیا جائے تب بھی ہم کلمہ کے معنیٰ کو سمجھتے ہوں۔

ا۔ ہمزہ متوسط بنفسہ

یہ ہمزہ صرف امام حمزہؒ کے ساتھ خاص ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ ہمزہ کلمہ کے درمیان ہو ماقبل حرف سے کسی فاصلے کے بغیر۔ جیسے الملائکة، وجاءکم، ونساؤکم۔ اور یہ ہمزہ متحرک اور ساکن دونوں کے بعد آتا ہے درج ذیل طریقوں سے:

۱. ہمزہ متوسط مفتوح جس سے پہلے:

i. فتحہ ہو۔ جیسے بدأکم اور ذرأکم اور اس میں تسہیل ہوگی الف کی طرح وقف کرتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوئے۔

ii. کسرہ ہوگا۔ جیسے مائة، فئة، الفتيان، ناشئة، سيئات۔ اور اس میں وقف کرتے ہوئے یاء مفتوحہ کے ساتھ ابدال ہوگا۔

iii. ضمہ ہوگا۔ جیسے مؤجّلا، مؤذّن، الفؤاد، سؤال اور لؤلؤا کا دوسرا ہمزہ۔ اور اس میں وقف کی حالت میں واؤ مفتوحہ کے ساتھ ابدال ہوگا۔

iv. الف ہوگا۔ جیسے جاءكم اور اس میں الف کی طرح تسہیل ہوگی مد اور قصر دونوں کے ساتھ۔ اسی طرح دعاءَ ونداءَ میں، کیونکہ تنوین کو الف کے ساتھ بدل دیا گیا اس لیے ہمزہ متوسطہ بن گیا۔

v. یاء ساکنہ اصلیہ ہوگا۔ جیسے شيئا۔ اور اس میں وقف کرتے ہوئے نقل اور ادغام دونوں ہوں گے۔ اور اسی طرح باب استيئس جیسی صورتیں۔

vi. یاء ساکنہ زائدہ ہوگا۔ جیسے خطيئة۔ اور اس میں وقف کی حالت میں ادغام ہوگا۔

vii. ہمزہ واؤ ساکنہ اصلیہ کے بعد ہوگا۔ جیسے السّوآى، سوءَة، سوآتكم، موئلا، سوءًا، الموءودة۔ اور اس میں حالت وقف میں نقل اور ادغام ہوگا۔

۲. ہمزہ متوسط مکسور جس سے پہلے:

i. کسرہ ہو۔ جیسے بارئكم۔ اور اس میں وقف کی حالت میں یاء کی طرح تسہیل ہوگی۔ اور بعض کلمات میں رسم الخط کے مذہب پر اس کی بہت سی صورتیں ہیں جن کو ہم ان شاء اللہ عنقریب واضح کریں گے۔

ii. فتحہ ہو۔ جیسے يئس، تطمئنّ، جبرئيل۔ اور اس میں وقف کی حالت میں یاء کی طرح تسہیل ہوگی۔

iii. ضمہ ہو۔ جیسے سئل، سئلوا۔ اور اس میں امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

طرح تسہیل ہوگی اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق واؤ مکسورہ کے ساتھ ابدال ہو گا۔

iv. الف ہو۔ جیسے من نساءکم۔ اور اس میں یاء کی طرح تسہیل ہوگی مد اور قصر کے ساتھ۔

v. ساکن صحیح ہو۔ جیسے أفئدة۔ اور اس میں نقل ہوگا۔

۳. ہمزہ متوسط مضموم جس سے پہلے:

i. ضمہ ہو۔ جیسے رؤوسكم، رءوس۔ اور اس میں واؤ کی طرح تسہیل ہوگی۔

ii. کسرہ ہو۔ جیسے ليطفئوا، أنبئونى، مستهزءون، استهزءُوا۔ اور اس میں امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح تسہیل ہوگی اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء کے ساتھ ابدال ہو گا۔ اور یہاں پر رسم الخط کا بھی مذہب ہے جس کو ہم عنقریب انشاء اللہ واضح کریں گے۔

iii. فتحہ ہو۔ جیسے رءوف، يدرءون، يكلؤكم، نقرؤه۔ اور اس میں واؤ کی طرح تسہیل ہوگی۔ اور اس کی بعض صورتوں میں رسم الخط کے بارے میں مختلف وجوہات ہیں جن کو ہم ان شاء اللہ اس کے باب میں بیان کریں گے۔

iv. الف ہو۔ جیسے نساؤكم۔ اور اس میں واؤ کی طرح تسہیل ہوگی مد اور قصر کے ساتھ۔ اور ہم نے مد اور قصر کہا بوجہ مد کے ہمزہ سے پہلے واقع ہونے کے جو تسہیل کی وجہ سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔

v. ساکن صحیح کے بعد ہو۔ جیسے مسئولا، مذءوما۔ اور اس میں نقل ہے۔

۲۔ متحرک ہمزہ کی صورتوں میں سے ہمزہ متوسط بغیرہ

۵۷۸	ہمزہ متوسطہ بنفسہٖ مضمومہ ماقبل مضموم	رُءُوْسُ	ہمزہ میں تسہیل اور رسم کے مطابق ہمزہ کا حذف	رُءُوْسُ رُوْسُ	رَوَوْا أَنَّهُ بِالْخَطِّ كَانَ مُسَهَّلَا ..... / وَفِي الْيَا يَلِي وَالْوَاوِ وَالْحَذْفِ رَسْمُهُ وَقَدْ ..... وَفِي غَيْرِ هٰذَا بَيْنَ بَيْنَ .....
۵۷۹	ہمزہ متوسطہ بزائدہ مکسورہ	وَ اِنْ	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاِنْ وَاِنْ	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِرَوَابِدِ / دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا / وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۸۰	ہمزہ متوسطہ بزائدہ مفتوحہ	وَ اَنْ	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاَنْ وَاَنْ	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِرَوَابِدِ / دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا / وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۸۱	-	يٰاَيُّهَا	یہ کلمہ پیچھے گزر گیا ہے	-	-
۵۸۲	ہمزہ ساکنہ ماقبل مفتوح	يَأْبَ	ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق الف سے ابدال	يَابَ	وَمِنْ قَبْلِهِ تَحْرِيكُهُ قَدْ تَنَزَّلَا / فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر	کیفیت ہمزہ	امثلہ	حکم تحقیق	امثلہ تحقیق	عوالم اخفاء شاطبیہ
۵۸۳	ہمزہ متوسطہ بفتحہ مفتوحہ ماقبل یاء اصلی	شَيْـًٔا	نقل حرکت اور ہمزہ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام	شَيْـًٔا شَيًّا	وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ تَسَكَّنَ قَبْلَهُ أَوِ الْيَا فَعَنْ بَعْضٍ بِالاِدْغَامِ حُمِّلَا وَأَسْقِطْهُ حَتَّى يَرْجِعَ اللَّفْظُ أَسْهَلَا ..... وَمِثْلُه يَقُولُ هِشَامٌ مَا تَطَرَّفَ مُسْهِلَا
۵۸۴	ہمزہ متوسطہ بزائدہ مکسورہ	فَإِنْ	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	فَإِنْ فَإِنْ	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَايِدٍ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۸۵	ہمزہ متوسطہ بفتحہ مفتوحہ ماقبل مفتوح	وَامْرَاَتِنِ	ہمزہ میں تسہیل	وَامْرَاَتِنِ	وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ ....
۵۸۶	ہمزہ متطرفہ مکسورہ ماقبل الف	اَلشُّهَدَآءِ	پانچ قیاسی وجوہ ہیں: ہمزہ کا الف سے ابدال کے ساتھ طول، توسط، قصر اور مد و قصر کے ساتھ ہمزہ میں تسہیل مع الروم	اَلشُّهَدَآ اَلشُّهَدَآءِ اَلشُّهَدَاءِ	وَيُبْدِلُهُ مَهْمَا تَطَرَّفَ مِثْلَهُ وَمَا قَبْلَهُ التَّحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ مُحَرْ وَيَقْصُرُ أَوْ يَمْضِي عَلَى الْمَدِّ أَطْوَلَا رَكًّا طَرَفاً فَالْبَعْضُ بِالرَّوْمِ سَهَّلَا ..... وَمِثْلُه يَقُولُ هِشَامٌ مَا تَطَرَّفَ مُسْهِلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر	کیفیت ہمزہ	امثلہ	حکم تخفیف	امثلہ تخفیف	حوالہ اشعار شاطبیہ	
۵۸۷	ساکن موصول	اَلْاُخْرٰی	نقل اور سکتہ	اَلْخُزٰی اَلْآخْرٰی	وَعَنْ حَمْزَةَ فی الْوَقْفِ خُلْفٌ وَعِنْدَهُ وَيَسْكُتُ فی شَیْءٍ وَشَیْئًا وَبَعْضُهُمْ وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِرَوَابِدٍ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا	رَوَى خَلَفٌ فی الْوَصْلِ سَكْتًا مُقَلَّلَا لَدَى اللَّامِ لِلتَّعْرِيفِ عَنْ حَمْزَةٍ تَلَا دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا وَأَسْقِطْهُ حَتَّى يَرْجِعَ اللَّفْظُ أَسْهَلَا
۵۸۸	ہمزہ ساکنہ ماقبل مفتوح	يَأْبَ	ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق الف سے ابدال	يَابَ	فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا	وَمِنْ قَبْلِهِ تَحْرِيكُهُ قَدْ تَنَزَّلَا
۵۸۹	ہمزہ متطرفہ مضمومہ ماقبل الف	اَلشُّهَدَآءُ	پانچ قیاسی وجوہ ہیں: ہمزہ کا الف سے ابدال کے ساتھ طول، توسط، قصر اور مد و قصر کے ساتھ ہمزہ میں تسہیل مع الروم	اَلشُّهَدَآ اَلشُّهَدَآءُ اَلشُّهَدَاءُ	وَيُبْدِلُهُ مَهْمَا تَطَرَّفَ مِثْلَهُ وَمَا قَبْلَهُ التَّحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ مُحَرْ ..... وَمِثْلُه	وَبَقْصُرُ أَوْ يَمْضِي عَلَى الْمَدِّ أَطْوَلَا رَكَاً طَرَفاً فَالْبَعْضُ بِالرَّوْمِ سَهَّلَا يَقُولُ هِشَامٌ مَا تَطَرَّفَ مُسْهِلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر	کیفیت ہمزہ	امثلہ	حکم تحقیق	امثلہ تحقیق	حوالہ اشعار شاطبیہ	
۵۹۰	ہمزہ متوسط بنفسہٖ مفتوحہ ماقبل ساکن	تَسْـَٔمُوْا	نقل حرکت	تَسْمُوْا	وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا	وَأَسْقِطْهُ حَتَّى يَرْجِعَ اللَّفْظُ أَسْهَلَا
۵۹۱	ہمزہ متوسط بزائدہ مفتوحہ	وَاَقْوَمُ	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاَقْوَمُ وَاَقْوَمُ	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَايِدِ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا	دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۹۲	ہمزہ متوسط بزائدہ مفتوحہ	وَاَدْنٰى	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاَدْنٰى وَاَدْنٰى	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَايِدِ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا	دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۹۳	ہمزہ متوسط بزائدہ مفتوحہ	وَاَشْهِدُوْا	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاَشْهِدُوْا وَاَشْهِدُوْا	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَايِدِ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا	دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۹۴	ہمزہ متوسط بزائدہ مکسورہ	وَاِنْ	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاِنْ وَاِنْ	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَايِدِ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا	دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۵۹۵	ہمزہ متوسط بزائدہ مکسورہ	فَاِنَّه	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	فَاِنَّه فَاِنَّه	وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَايِدِ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا	دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر	کیفیت ہمزہ	اصل	حکم تخفیف	اشالہ تخفیف	حوالہ اشمام شامیہ	حوالہ روم شامیہ
۵۹۶	–	شَیْءٍ	یہ کلمہ پیچھے گزر گیا ہے	–	–	–
۵۹۷	–	وَاِنْ	–	–	–	–
۵۹۸	–	فَاِنْ	–	–	–	–
۵۹۹	ہمزہ متوسطہ بنفسہ مفتوحہ ماقبل مضموم	فَلْیُؤَدِّ	ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق واؤ سے ابدال	فَلْیُوَدِّ	وَیُسْمِعُ بَعْدَ الْکَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ	لَدی فَتْحِهِ یَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا
۶۰۰	ہمزہ متوسطہ بزائدہ مکسورہ	فَاِنَّه	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	فَاِنَّه فَاِنَّه	وَمَا فِیهِ یُلْفَی وَاسِطاً بِزَوَایِدِ کَمَا هَا وَیَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا	دَخَلْنَ عَلَیْهِ فِیهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِیفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
۶۰۱	–	اَلْاَرْضِ	یہ کلمہ پیچھے گزر گیا ہے	–	–	–
۶۰۲	–	وَاِنْ	–	–	–	–
۶۰۳	–	یَشَآءُ	یہ کلمہ پیچھے گزر گیا ہے	–	–	–
۶۰۴	–	شَیْءٍ	یہ کلمہ پیچھے گزر گیا ہے	–	–	–

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر	کیفیت ہمزہ	اسم	حکم تخفیف	اسم مخفف	حوالہ اشعار شاطبیہ
٦٠٥	ہمزہ ساکنہ ماقبل مضموم	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق واؤ سے ابدال	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍ مُسَكِّنًا وَمِنْ قَبْلِهِ تَحْرِيكُهُ قَدْ تَنَزَّلَا
٦٠٦	ہمزہ متوسط بنفسہ مکسورہ ماقبل الف	وَمَلَٰٓئِكَتِهِ	مد وقصر کے ساتھ ہمزہ میں تسہیل	وَمَلَٰٓئِكَتِهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِ	سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرَى وَإِنْ حَرْفُ مَدٍّ قَبْلَ هَمْزٍ مُغَيِّرِ يُسَهِّلُهُ مَهْمَا تَوَسَّطَ مَدْخَلَا يَجُزْ قَصْرُهُ وَالْمَدُّ مَا زَالَ أَعْدَلَا
٦٠٧	ہمزہ متوسط بزائدہ مفتوحہ	وَاَطْعَمْنَا	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاَطْعَمْنَا وَاَطْعَمْنَا	وَمَا فِيهِ يُلْقَى وَاسِطٌ بِرَوَابِدٍ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
٦٠٨	ہمزہ متوسط بزائدہ مکسورہ	وَ اِلَيكَ	ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل	وَاِلَيكَ وَاِلَيكَ	وَمَا فِيهِ يُلْقَى وَاسِطٌ بِرَوَابِدٍ كَمَا هَا وَيَا وَاللَّامِ وَالْبَا وَنَحْوِهَا دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا وَلَامَاتِ تَعْرِيفٍ لِمَنْ قَدْ تَأَمَّلَا
٦٠٩	ہمزہ متوسط بنفسہ مفتوحہ ماقبل مضموم	لَا تُؤَاخِذْنَا	ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق واؤ سے ابدال	لَا تُؤَاخِذْنَا	وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	کیفیت ہمزہ	ابدال	حکم تخفیف	ابدال تخفیف	حوالہ شمار قاعدہ
٦١٠	ہمزہ ساکنہ ماقبل مفتوح	اَخْطَأْنَا	ہمزہ کا ماقبل کی حرکت کے موافق الف سے ابدال	اَخْطَانَا	فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا وَمِنْ قَبْلِهِ تَحْرِيكُهُ قَدْ تَنَزَّلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة آل عمران

والإنجيل: امام حمزہؒ سکتہ کی صورت میں وصل کرتے ہوئے نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلادؒ سے وصل کرتے ہوئے عدمِ سکتہ کی صورت میں نقل کرنا منقول ہے۔

السماء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف سے بدل کر مد کی تینوں صورتوں اور ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل روم مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں جبکہ (صرف) امام حمزہؒ مد کے ساتھ اور (صرف) سیدنا ہشامؒ توسط کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تأويله: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فئتين: امام حمزہؒ یاءِ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

رأى: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يؤيد: امام حمزہؒ کی قرأت میں یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف ہے۔

المآب: حمزہ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أؤنبئكم: امام حمزہؒ کی قرأت میں دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ، دونوں صورتیں ہیں اور تیسرے ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل اور یاءِ مضمومہ سے ابدال کے ساتھ وقف ہے۔

قل أؤنبئكم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور دوسرے ہمزہ کی واو کی طرح تسہیل اور تیسرے ہمزہ کی تسہیل اور یاءِ مضمومہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

اور پہلے ہمزہ کی تحقیق اور بغیر سکتہ کے دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل (کے ساتھ وقف کرتے ہیں) اور یہ دونوں صورتیں تیسرے ہمزہ کی تسہیل اور یاء سے ابدال کے ساتھ ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں دوسرے ہمزہ کی دونوں صورتوں کے ساتھ سکتہ کا اضافہ کیا جائے گا اور یہ سب تیسرے ہمزہ کی دونوں صورتوں کے ساتھ ساتھ ہوگا۔ اور یہ ہمزہ مفصول پر وصل کرتے ہوئے سکتہ کی صورت میں ہوگا۔

وضاحت: جب سیدنا خلفؒ ہمزہ مفصول پر سکتہ کر کے وصلاً پڑھیں تو وہ پہلے ہمزہ میں نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ دونوں کام دوسرے ہمزہ کی تسہیل اور تیسرے ہمزہ کی تسہیل اور ابدال کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق کا پہلے ہمزہ کی تحقیق پر اضافہ کیا جاتا ہے۔

اور جب ہمزہ مفصول میں بغیر سکتہ کے پڑھیں تو نقل اور سکتہ کے بغیر وقف کرتے ہیں۔ لہٰذا ان کی روایت میں پہلے ہمزہ کے نقل کی صورت میں دوسرے ہمزہ کی تسہیل اور تیسرے ہمزہ کی دونوں صورتیں ہیں۔ اور پہلے ہمزہ کی تحقیق کی صورت میں دوسرے ہمزہ کی دونوں صورتیں اور تیسرے ہمزہ کی دونوں صورتیں ہیں۔

ءأسلمتم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رءف: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مکمل لفظ زکریاء: سیدنا ہشامؒ ہمزہ مضموم میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں جبکہ امام حمزہؒ کی قرأت میں یہ لفظ بغیر ہمزہ کے ہے۔

الملائكة، قائم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وامرأتي: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

من أنباء: سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور امام حمزہؒ کی قرأت میں درج ذیل صورتیں ہیں:

ساکن مفصول	من أنـــــ	بـــــاء
ترکِ سکتہ	نقل اور تحقیق مع عدمِ سکتہ	امام حمزہؒ کی قرأت میں پانچ قیاسی صورتیں
سکتہ	نقل اور تحقیق مع سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں پانچ قیاسی صورتیں

یشاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور وہ درج ذیل ہیں:

۱. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔

۲. روم کے ساتھ تسہیل امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔

جنتكم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کو یاء ساکنہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

كهيئة: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وأبرئ: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ سب:

۱. کلمہ کے آخری ہمزہ کو صرف کے مطابق یاء ساکنہ سے بدل کر ہوگا۔

۲. کلمہ کے آخری ہمزہ کی صرف کے مطابق تسہیل مع روم کے ساتھ ہوگا۔

۳. کلمہ کے آخری ہمزہ یاء کے ساتھ ابدال اور رسم الخط کے مطابق سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہوگا۔ اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کی صورتوں میں ان کے ساتھ ہیں۔

وأنبئكم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور واؤ کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل اور یاء مضمومہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر ہے۔

ولأحل: امام حمزہؒ ہمزہ پر درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

١. امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ۔
٢. امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ سے ابدال کے ساتھ۔
٣. ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ۔

وأطيعون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وأبناءكم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور دونوں صورتیں دوسرے ہمزہ کی بین بین تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ ہیں۔

يأهل، هأنتم: امام حمزہؒ ان ہمزہ پر درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. مد کے ساتھ تحقیق۔
٢. الف کی طرح تسہیل مع المد والقصر۔

يؤده اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان "إن الذين يشترون بعهد الله ... الآية" اس میں امام حمزہؒ کی قرأت میں وقف کرتے ہوئے درج ذیل صورتیں ہیں:

قليلا أولئك	الآخرة
ترکِ سکتہ	نقل اور سکتہ
سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

	قليلا أولئك	الآخرة	عذاب أليم
	ترکِ سکتہ	سکتہ	سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق
خاص	ترکِ سکتہ	ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ کے بغیر تحقیق
خاص	سکتہ	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور وقف کرتے ہوئے سکتہ صرف ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ ہی آتا ہے۔

أربابا أيأمركم جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ساکن ہمزہ کو الف سے بدل کر وقف کرتے ہیں اور وہ أيأمركم کا دوسرا ہمزہ ہے، اس کے پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق عدمِ سکتہ کے ساتھ۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں ہمزہ مفصول پر سکتہ کرنے کی صورت میں وصل کرتے ہوئے سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

أأقررتم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ملء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل مع سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أعداء امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی بین بین تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں صرف تحقیق ہے وقف کرتے ہوئے تنوین کے بدل جانے کی بنا پر ہمزہ کے توسط کی وجہ سے۔

كنتم أعداء: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق مع عدمِ سکتہ اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ کی تحقیق مع سکتہ کا دوسرے ہمزہ کی دونوں صورتوں کے ساتھ اضافہ کیا جاتا ہے ہمزہ مفصول پر وصل کرتے ہوئے سکتہ کی صورت میں۔ اور میم جمع کی طرف نقل نہیں ہوتی۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: "وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ" اس میں امام حمزہؒ کی قرأت میں وقف کرتے ہوئے درج ذیل صورتیں ہیں:

	والأرض (وصل کرتے ہوئے)	الأمور (وقف کرتے ہوئے)
	سکتہ	نقل اور سکتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خاص	ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل

الأنبياء: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ سب کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ کے بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ ہے۔

اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف سے بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سواء، أعداء کی طرح: امام حمزہؒ بین بین تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فأهلكته اور اس کی نظیر: امام حمزہؒ تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تسؤهم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

سيئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

تبوئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور صرف کے مطابق بین بین تسہیل مع روم اور رسم الخط کے مطابق ہمزہ کو یاء سے بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور دونوں مذہبوں یعنی قیاسی اور رسمی میں یاء ساکنہ کے ساتھ ابدال کرنے کی صورتیں ایک ہو جاتی ہیں۔

ولتطمئن: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے۔

شهداء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رأيتموه: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مؤجلا: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ یہ بات علامہ شاطبیؒ کے اس قول سے ثابت ہے:

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

کیونکہ ہمزہ اہل اداء کی روایت میں متوسط بنفسہ ہے۔

وكأين: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اس کے متوسط ہونے کی بنا پر کاف تشبیہ کی وجہ سے۔

لإلى: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فادرءوا: امام حمزہؒ صرف کے مطابق ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور رسم الخط کے مطابق اس ہمزہ کے حذف اور راء کے فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ (وقف کرتے ہیں) فتحہ کے بعد واؤ ساکنہ کا تلفظ ممکن ہونے کی وجہ سے۔

بل أحياء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ میں مشہور پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. امام حمزہؒ کی قرأت میں پہلے ہمزہ میں نقل اور اس کی تحقیق بغیر سکتہ کے اور کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں ہیں۔

٢. سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ میں تحقیق مع سکتہ ہے ہمزہ مفصول پر ان کے وصلاً سکتہ کی وجہ سے اور کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں ہیں۔ گویا خلفؒ کے نزدیک دس صورتیں بنتی ہیں۔

أولياءه: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور بعض حضرات ہاء میں اشمام اور روم کی صورتیں جاری کر کے (وقف کرتے ہیں) اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان دونوں اقوال کو لینے میں کوئی مانع نہیں ہے۔

ونحن أغنياء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. کلمہ کے آخری ہمزہ کو مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ الف سے بدل کر۔

۲. اس ہمزہ کی مد اور قصر کے ساتھ تسہیل کر کے۔ (مد کی مقدار امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع ہے اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں توسط ہے اور قصر کی مقدار مشہور ہے کہ وہ دو حرکتیں ہیں۔)

الأنبياء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

اور امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق مع سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر صورت میں کلمہ کے آخری ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال ہوگا مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

مأواهم، بئس اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کی جنس کے موافق ہمزہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: "إن في خلق السماوات والأرض... الآية" اس میں امام حمزہؒ کی قرأت میں درج ذیل صورتیں ہیں:

والأرض (وصل کرتے ہوئے)	الألباب (وقف کرتے ہوئے)
سکتہ	نقل اور سکتہ
ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل

سيئاتنا: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔ یہ بات علامہ شاطبیؒ کے اس قول سے ماخوذ ہے:

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

للأبرار اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصلاً ترکِ سکتہ کی صورت میں صرف نقل کے ساتھ وقف ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة النساء

ونساء: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرَى يُسَهِّلُهُ مَهْمَا تَوَسَّطَ مَدْخَلَا

ترجمہ: سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو تو وہ اس کی تسہیل کرتے ہیں جبکہ وہ درمیان میں واقع ہو رہا ہو۔

اور ممدودہ کی دلیل:

وَإِنْ حَرْفُ مَدٍّ قَبْلَ هَمْزٍ مُغَيَّرٍ يَجُزْ قَصْرُهُ وَالْمَدُّ مَا زَالَ أَعْدَلَا

ترجمہ: اور اگر تبدیل شدہ ہمزہ سے پہلے حرف مد ہو تو اس کا قصر جائز ہے اور مد ہمیشہ افضل ہے۔

تساءلون: امام حمزہؒ بین بین تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں: سِوَى أَنَّهُ...

اور مد اور قصر ان کے اس قول سے ثابت ہے: وَإِنْ حَرْفُ مَدٍّ...

حرف مد کے اس ہمزہ سے پہلے واقع ہونے کی وجہ سے جو تسہیل کے ذریعے تبدیل ہوا ہے۔ لہٰذا اس میں اصل کے اعتبار سے مد اور تبدیلی پر عمل کے اعتبار سے قصر ہے۔

والأرحام: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلادؒ سکتہ کے بغیر وصل کی صورت میں نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

حسینیؒ فرماتے ہیں:

وفي أل بنقل قف وسكت لساكت عليها وعند التاركين له انقلا

ترجمہ: اور ''أل'' میں نقل کے ساتھ وقف کرو اور اس پر سکتہ کرنے والوں کی روایت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں اس پر سکتہ کرو اور اس کو ترک کرنے والوں کی روایت میں اس کو نقل کرو۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: " فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ " امام حمزہؒ کی قرأت میں:

خِفْتُمْ أَلَّا پر وقف ہوگا اصل کی صورت کے اتباع میں۔ کیونکہ امام حمزہؒ سکتہ کے بغیر وصل کرتے ہیں اور وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں وصلاً بھی سکتہ ہوگا اس لیے سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ میم جمع کی طرف نقل نہیں ہوتی۔

	خفتم ألا	فواحدة أو	ملكت أيمانكم
	ترکِ سکتہ	ترک	نقل اور تحقیق ترکِ سکتہ کے ساتھ
خاص	سکتہ	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور تحقیق سکتہ کے ساتھ

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہوگا۔

هنيئا: امام حمزہؒ اس ہمزہ کو یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں جس میں ماقبل حرف یاء کا ادغام ہو جاتا ہے سوائے اس الف کے جو تنوین سے بدل کر آئی ہے، پس اس میں دو حرکتوں کے برابر مد کی جائے گی۔

مريئا: امام حمزہؒ اس میں بھی ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہم نے اس کی کیفیت واضح کر دی ہے۔ اور وقف کی صورت میں مد نہ کرنے کا خیال رکھا جائے گا سوائے اس الف میں جو تنوین سے بدل کر آئی ہو، اس میں دو حرکتوں کے برابر مد کی جائے گی۔

علامہ شاطبیؒ کہتے ہیں:

وَيُدْغِمُ فِيهِ الْوَاوَ وَالْيَاءَ مُبْدِلا إِذَا زِيدَتَا مِنْ قَبْلُ حَتَّى يُفَصَّلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اس ہمزہ میں ادغام کرتے ہیں واؤ اور یاء کا اس حال میں کہ وہ اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کو بدلنے والے ہیں جبکہ یہ دونوں اس ہمزہ سے پہلے زائد ہوں تاکہ یہ (دونوں واؤ اور یا زائدہ) جدا ہو جائیں (واؤ اور یاء اور اصلی سے۔)

یعنی جو ہمزہ متوسطہ یا ہمزہ متطرفہ یاء کے بعد واقع ہو۔ جیسے بریئا اور هنیئا اور بري ء اسے یاء متحرکہ سے بدلا جائے گا اور اس سے پہلے حرف کا اس میں ادغام کیا جائے گا۔ اس طرح تلفظ یاء مشددہ کا ہوگا جو حالت وصل میں متحرک اور کنارے پر ہونے کی صورت میں ساکن ہوگی۔

اسی طرح جو ہمزہ واؤ زائدہ کے بعد واقع ہو جیسا کہ قروء میں۔ اور ادغام کے لفظ کا اطلاق حاصل شدہ لفظ کے اعتبار سے ہے اور اس سے کوئی مانع نہیں۔

تأكلوا، تؤتوا جیسے الفاظ: اس میں امام حمزہؒ کی قرأت میں وقف کرتے ہوئے حرفِ مد کے ساتھ ابدال ہوگا۔

فلأمه: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ ہمزہ ان کی قرأت میں مکسور ہے۔

السوءَ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام اور صرف سکونِ محض کے ساتھ وقف کرتے ہیں ہمزہ کے کنارے پر واؤ اصلیہ کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ تَسَكَّنَ قَبْلَهُ أُوِ الْيَا فَعَنْ بَعْضٍ بِالإِدْغَامِ حُمِّلَا

ترجمہ: اور جس ہمزہ سے پہلے واؤ یا یاء اصلی ساکن ہو وہ بعض اہل ادا سے ادغام کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔

سیئاتکم: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

رئاء: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کو یاء مفتوحہ سے بدل کر اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جئنا اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ یاء مدہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

هؤلاء: دیکھیے سورۃ البقرۃ اور مد کی اقسام۔

بأعدائكم: امام حمزہؒ تحقیق اور پہلے ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی تسہیل مع المد واقصر کے ساتھ ہے۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً... (اور وہ لفظ جس میں ہمزہ متوسط ہو گیا ہو۔۔۔)

یہ اس ہمزہ کی دلیل ہے جو زائد حرف کی وجہ سے متوسط بن گیا ہو۔

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

یہ بدل کرنے کی دلیل ہے۔

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرى ...

ترجمہ: سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو۔

یہ تسہیل کی دلیل ہے۔

يشاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تؤدوا: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تأويلا: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا وَمِنْ قَبْلِهِ تَحْرِيكُهُ قَدْ تَنَزَّلَا

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو جبکہ اس سے پہلے حرف کو حرکت دینا حاصل ہوا ہو۔

رأيت: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ (اور اس کے علاوہ میں بین بین ہے۔)

فأولئك: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ ہے۔

ليبطئن: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

من سيئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

القرءان: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ یعنی ہمزہ کی حرکت اس سے پہلے ساکن کی طرف نقل کرتے ہیں لہٰذا اس پر ہمزہ کی حرکت آجاتی ہے ہمزہ کے حذف کے ساتھ۔ (وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ... اور تم اس کے ساتھ متحرک کردو اس سے پہلے حرف کو۔۔)

بأسا: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

سواء: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خطئا: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فجزاؤه: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ سب ہاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ اور بعض نے اس میں (وقف کیا ہے) ہاء میں اشمام اور روم کے ساتھ۔

فتيلا أينما: چونکہ أينما کو ملا کر اور الگ الگ دونوں طرح لکھا گیا ہے اس لیے جس صورت میں یہ ملا کر لکھا گیا ہے اس میں دونوں راویوں کی روایت میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق ہوگی اور جدا جدا لکھے جانے کی صورت میں وصل کرتے ہوئے ترکِ سکتہ ہوگا۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں الگ لکھے ہوئے ہمزہ پر سکتہ کی صورت میں نقل اور سکتہ کے ساتھ (نقل اور تحقیق ہوگی۔)

اور جس صورت میں الگ الگ لکھا گیا ہو اور این پر وقف کیا گیا ہو اس میں گزشتہ صورتیں ہوں گی۔ البتہ جب آپ ما پر وقف کریں جو أين سے الگ ہے اس میں آپ ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرو گے اس طرح جیسے آپ وصلاً پڑھتے ہیں۔ اور اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

١. جن مصاحف میں أينما ملا کر لکھا گیا ہے درج ذیل صورتیں ہوں گی:

	أو أشد	فتيلا أينما
	ترکِ سکتہ	سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق
خاص	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق

٢. جن مصاحف میں الگ الگ لکھا گیا ہے درج ذیل صورتیں ہوں گی:

	أو أشد	فتيلا أين (وقف کرتے ہوئے)
	ترکِ سکتہ	سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق
خاص	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أو أشد	فتيلا أين ما (ماپر وقف کرتے ہوئے)
ترکِ سکتہ	ترکِ سکتہ
سکتہ	سکتہ

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لفظ ما اس صورت میں ہمزہ والا نہیں ہوگا۔

بأموالهم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

اطمأنتم: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

هأنتم، يأيها: امام حمزہؒ تحقیق مع المد اور الف کے ساتھ تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ ہمزہ الف کے بعد زائد حرف کے ساتھ متوسط ہے لہٰذا ہمزہ کو تحقیق کے ساتھ پڑھا گیا اس بنا پر کہ وہ کلمہ کا آغاز ہے اور زائد کا اعتبار نہیں۔

اور الف کی طرح تسہیل ھا یا یاء کے وجود کے اعتبار سے ہے۔ لہٰذا ہمزہ متوسط بنفسہٖ ہوگیا اور اسے متوسط بنفسہٖ کا عمل دیا گیا۔ اور یہ معلوم ہے کہ الف کے بعد ہمزہ متوسطہ میں بین بین تسہیل ہوتی ہے مد اور قصر کے ساتھ۔

هؤلاء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کی تخفیف کے ساتھ وقف کرتے ہیں درج ذیل صورتوں کے ساتھ:

١. الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔
٢. بین بین تسہیل روم مع توسط اور قصر کے ساتھ۔

اور امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

اولاً: پہلے ہمزہ کی تحقیق مع المد اور کلمہ کے آخری ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور بین تسہیل مع روم اشباع اور قصر کے ساتھ۔

ثانیاً: پہلے ہمزہ کی واؤ کے ساتھ تسہیل مع المد اور اس کے ساتھ کلمہ کے آخری ہمزہ کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور روم اور اشباع کے ساتھ اس کی تسہیل۔

ثالثاً: پہلے ہمزہ کی قصر کے ساتھ تسہیل اور اس کے ساتھ کلمہ کے آخری ہمزہ کا مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ ابدال اور روم اور قصر کے ساتھ اس کی تسہیل۔

اور تسہیل کے ساتھ دو متصادم صورتیں ممنوع ہیں اور وہ درج ذیل ہیں:

۱. پہلے ہمزہ کی مد کے ساتھ تسہیل اور دوسرے ہمزہ کی روم مع القصر کے ساتھ تسہیل۔
۲. پہلے ہمزہ کی قصر کے ساتھ تسہیل اور دوسرے ہمزہ کی روم مع المد کے ساتھ تسہیل۔

خطیئة: امام حمزہؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور اس کی صورت یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کا ابدال ہے اس سے پہلی یاء کا اس کے اندر ادغام کیا جائے گا (یاء ساکنہ کے زائد ہونے کی وجہ سے۔)

بریئا: امام حمزہؒ گزشتہ کی طرح ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُدْغِمُ فِيهِ الْوَاوَ وَالْيَاءَ مُبْدِلا إِذَا زِيدَتَا مِنْ قَبْلُ حَتَّى يُفَصَّلَا

اور امام حمزہؒ اس ہمزہ میں ادغام کرتے ہیں واؤ اور یاء کا اس حال میں کہ وہ اس کو بدلنے والے ہیں جبکہ یہ دونوں اس ہمزہ سے پہلے زائد ہوں تاکہ یہ (دونوں واؤ اور یا زائدہ) جدا ہو جائیں (واؤ اور یاء اور اصلی سے۔)

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے اور ہم ادغام کی کیفیت بیان کر چکے ہیں۔

لأتخذن، ولأضلنّهم، ولأمنّينّهم، ولآمرنّهم: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَائِدِ دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: اور وہ لفظ جس میں ہمزہ اس حال میں پایا گیا ہو کہ متوسط ہو گیا ہو ایسے زائد حروف کی وجہ سے جو اس پر داخل ہوئے ہوں تو اس میں دو مستعمل وجہیں ہیں۔

اور تسہیل وجہ علامہ شاطبیؒ کا یہ قول ہے: وَفِي غَيْرِ هٰذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔) اور ضمیر گزشتہ شعر "ویسمع..." کی طرف لوٹ رہی ہے۔

سوٓءا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

امرأة: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ویستهزأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

یہ بات علامہ شاطبیؒ کے اس قول سے ثابت ہے:

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

کیونکہ ہمزہ متحرک حرف کے بعد وقف کے لیے ساکن ہے۔ اور اس میں واؤ کی طرح تسہیل مع روم ہے۔ جو علامہ شاطبیؒ کے اس قول سے ثابت ہے:

وَمَا قَبْلَهُ التَحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ مُحَرَّكاً طَرَفاً فَالْبَعْضُ بالرَّوْمِ سَهَّلَا

ترجمہ: اور وہ ہمزہ جس سے پہلے حرکت ہو یا الف ہو اس حال میں کہ ہمزہ متحرک کلمہ کے آخر میں ہو تو بعض حضرات نے روم کے ساتھ اس پر تسہیل کی ہے۔

بالسوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہوگا۔

یسئلك: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَحَرِّكْ بِـهِ مَا قَبْـلَهُ مُتَسَـكِّنًا وَأَسْقِطْهُ حَتَّى يَرْجِعَ اللَّفْظُ أَسْهَلَا

ترجمہ: اور تم اس کے ساتھ متحرک کردو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو اور اس کو ساقط کردو یہاں تک کہ لفظ آسان ہو جائے۔

الأنبياء: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق مع سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ ہے۔ اور سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ۔

عذابا أليما: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق سکتہ کے بغیر وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں ہمزہ مفصول میں سکتہ کی صورت میں سکتہ کی صورت زائد ہو جاتی ہے۔

لئلا: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء مفتوحہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

إن امرؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو واؤ ساکنہ سے بدل کر اور صرف کے مطابق اس کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور رسم الخط کے مطابق ہمزہ کو واؤ سے بدل کر سکون، روم اور اشمام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور سکون کے ساتھ ابدال دونوں مذہبوں میں متحد ہو جاتا ہے۔

الأنثيين: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصل کرتے ہوئے سکتہ نہ کرنے کی صورت میں صرف نقل کے ساتھ وقف ہے۔

ونساء: امام حمزہؒ بین بین تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة المائدة

شعائر اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ یاء کے ساتھ تسہیل اور مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شنآن: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یئس: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یسئلونك: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

الآخرة اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ البتہ سیدنا خلادؒ اَل میں وصلاً ترکِ سکتہ کی صورت میں صرف نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

برءوسكم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں لغت کے قاعدے کے مطابق۔ اور حذف کے ساتھ (وقف کرتے ہیں) رسم الخط کے مطابق۔

النساء اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔

ماء: امام حمزہؒ بین بین تسہیل اور مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وأطعنا اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بآياتنا: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

المؤمنون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ مدہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكَّنًا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے بدل دو۔

لئن اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سيئاتكم: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

ينبئهم: امام حمزہؒ امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں: وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے)

اور فرماتے ہیں:

وَالأخفش بَعْدَ الْكَسْرِ ذا الضَّمِّ أَبْدَلَا .... بِيَاءِ

ترجمہ: اور امام اخفشؒ نے ہمزہ مضمومہ کا کسرہ کے بعد یا سے ابدال کیا ہے۔

بإذنه اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ یاء کی طرح تسہیل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ابنؤا: بعض مصاحف میں ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ اس پر امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ مشہور پانچ قیاسی صورتیں اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک کے ساتھ ترتیب سے سکون، اشمام اور روم کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور دوسرے بعض مصاحف میں رسم کے مطابق بغیر صورت کے لکھا گیا ہے۔ اس میں امام حمزہؒ اوز سیدنا ہشامؒ مشہور پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور وہ ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال ہے مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور ہمزہ کی بین بین تسہیل مع روم مد وقصر کے ساتھ۔ صحیح صورتیں کل بارہ بنتی ہیں۔

وأحباؤه: امام حمزہؒ تحقیق اور پہلے ہمزہ کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی واؤ کے ساتھ تسہیل کے ساتھ ہے مع المد والقصر۔ اور ان چاروں میں سے ہاء کے سکون کے ساتھ ہے۔ اور بعض حضرات نے ہاء میں ہر صورت میں روم اور اشمام کے ساتھ بھی جائز قرار دیا ہے۔ پس کل ۱۲ صحیح صورتیں بن جائیں گی۔

اور بعض حضرات نے رسم کے مطابق پہلے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدلنے کا ذکر دوسرے ہمزہ کی صورتوں اور ہاء کی صورتوں کے ساتھ کیا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔

جیسا کہ بعض دوسرے حضرات نے ہاء کی تین صورتوں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ دوسرے ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدلنے کا ذکر کیا ہے لیکن یہ بھی صحیح نہیں ہے جیسا کہ نشر میں آیا ہے۔ اور جیسا کہ غیث النفع میں ذکر کیا گیا ہے کیونکہ رسم کی صورت قیاس کی صورت کے ساتھ ہے اور وہ واؤ کی طرح تسہیل ہے۔

فيكم أنبياء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف سے بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے کلمہ کے آخری ہمزہ کی گزشتہ تین صورتوں کے ساتھ، ہمزہ مفصول پر وصلاً سکتہ کی صورت میں۔

وأخي اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور اس کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

الأرض: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق مع سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلادؒ کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وصلاً بغیر سکتہ کے قرأت میں وہ صرف نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تأس: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں کیونکہ ہمزہ ساکن متوسط فتحہ کے بعد ہے۔

نبأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں اس ہمزہ کے کنارے پر ہونے کی وجہ سے۔ اور یہ وصل کرتے ہوئے فتحہ کی حرکت کے ساتھ متحرک ہوگا اس لیے اس میں تسہیل نہیں ہوگی۔ کیونکہ کنارے پر ہونے والے ہمزہ کی بین بین تسہیل صرف روم کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور یہ معلوم ہے کہ روم صرف مضموم اور مکسور حرف میں ہوتا ہے مفتوح حرف میں نہیں ہوتا۔ اور ہمزہ کو بدلا گیا ہے وقف کی بنا پر فتحہ کے بعد اس کے ساکن ہونے کی وجہ سے۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

ابنی آدم: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق اور بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں ہمزہ مفصول پر سکتہ کے ساتھ قرأت کی صورت میں وہ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

.	ابنی آدم	من أحدهما
	ترکِ سکتہ	سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق
خاص	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

لأقتلنك، لئن، فكأنما اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور ہمزہ کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ کہتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً... (اور وہ لفظ جس میں ہمزہ اس حال میں پایا گیا ہو کہ متوسط ہو گیا ہو۔۔۔)

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

لأقتلنك: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور اس کو یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَائِدِ ...

ترجمہ: اور وہ لفظ جس میں ہمزہ متوسط ہو گیا ہو ایسے زائد حروف کی وجہ سے۔۔۔

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ...

(اور اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد سناتے ہیں۔۔۔)

تبوأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون کے ساتھ ہے واؤ کے ساکن ہونے کی وجہ سے کلمہ "تفعل" کے اصلی حروف میں سے۔

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مَتَسَكِّنًا ...

ترجمہ: اور تم اس کے ساتھ متحرک کر دو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔

وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ... (اور جس ہمزہ سے پہلے واؤ یا یاء اصلی۔۔۔)

وذلك جزاؤا، إنما جزاؤا آیت ۲۹، ۳۳ میں: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. صرف کے مذہب کے مطابق معروف پانچ تیاسی صورتیں۔ اور وہ درج ذیل ہیں:

i. ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔

ii. ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل مع الروم اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں اور توسط و قصر کے ساتھ سیدنا ہشامؒ کی روایت میں۔

۲. رسم کے مطابق ہمزہ کو واؤ سے بدلنا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

i. اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ اور ہر ایک سکون اور اشمام کے ساتھ۔

ii. روم اور قصر کے ساتھ۔

اس طرح کل ۱۲ صحیح صورتیں ہوں گی۔(۵ قیاسی صورتیں اور ۷ رسم کے مطابق۔)

يشاء: امام حمزہؒ اور ہشامؒ مشہور پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون، روم اور اشمام کے ساتھ ہے۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بالمؤمنين اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

دائرة اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرى ...

ترجمہ: سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو۔

لبئس: (رسم میں موصول بھی ہے مقطوع بھی۔) اس پر وقف کی صورت میں امام حمزہؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدلتے ہیں۔

لبئس ما: اس (ما) کو الگ لکھا گیا ہے اس لیے اگر امام حمزہؒ ما پر وقف کریں تو تحقیق کرتے ہیں۔

أطفأها: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

والصابئون: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور اس کو یاء مضمومہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور رسم کے مطابق باء موحدہ کے ضمہ کے ساتھ ہمزہ کو حذف کر کے (وقف کرتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔)

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

فَفِي الْيَا يَلِي والوَاوِ وَالحَذْفِ رَسْمَهُ
وَالأخفش بَعْدَ الْكَسْرِ ذا الضَّمَّ أَبْدَلَا
بِيَاءٍ وَعَنْهُ الْوَاوُ فِي عَكْسِهِ وَمَنْ
حَكَى فِيهِمَا كَالْيَا وَكَالْوَاوِ أَعْضَلَا

ترجمہ: پس امام حمزہؒ نے یاء، واؤ اور حذف میں رسم کا اتباع کیا ہے اور امام اخفشؒ نے ہمزہ مضمومہ کا کسرہ کے بعد یا سے ابدال کیا ہے۔ اور ان سے اس کے عکس میں واؤ منقول ہے۔ اور جس نے ان دونوں صورتوں میں واؤ اور یاء کی طرح روایت کیا ہے اس نے مشکل بات کو اختیار کیا ہے۔

اور ہمزہ کے ماقبل کی حرکت کی جنس سے تسہیل ممنوع ہے۔

يأهل اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق مع المد اور بین بین تسہیل مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يؤاخذكم: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ ...

اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد سناتے ہیں۔۔۔۔

فجزاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ معروف پانچ تیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فآخران: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

كهيئة: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں یاء کے ساکن اصلی ہونے کی بنا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پر۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مَتَسَكِّنًا ...

ترجمہ: اور تم اس کے ساتھ متحرک کردو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔

وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ تَسَكَّنَ قَبْلَهُ أوِ الْيَا فَعَنْ بَعْضٍ بِالاِدْغَامِ حُمِّلَا

ترجمہ: اور جس ہمزہ سے پہلے واؤ یا یاء اصلی ساکن ہو وہ بعض اہل ادا سے ادغام کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔

وتبریٔ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر/اور صرف کے مطابق واؤ کی طرح اس کی تسہیل مع الروم کے ساتھ/اور رسم کے مطابق اس ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

وَمَا قَبْلَهُ التَحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ مُحَرَّكاً طَرَفاً فَالْبَعْضُ بِالرَّوْمِ سَهَّلَا

ترجمہ: اور وہ ہمزہ جس سے پہلے حرکت ہو یا الف ہو اس حال میں کہ ہمزہ متحرک کلمہ کے آخر میں ہو تو بعض حضرات نے روم کے ساتھ اس پر تسہیل کی ہے۔

فَفِي الْيَا يَلِي والْوَاوِ وَالحَذْفِ رَسْمَهُ ...

ترجمہ: پس امام حمزہؒ نے یاء، واؤ اور حذف میں رسم کا اتباع کیا ہے۔

لأولنا: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں (ہمزہ زائد حرف کے ساتھ متوسطہ ہے اور کسرہ کے بعد مفتوح ہے۔)

أأنت: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأنعام

تأتيهم: امام حمزہؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

من آية: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں ہمزہ مفصول پر سکتہ کے ساتھ قرأت کی صورت میں وہ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أنبؤا: کلمہ کے کنارے والا ہمزہ واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ پس امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

مذہب صرف: معروف پانچ قیاسی صورتیں جو کہ درج ذیل ہیں:

i. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُبْدِلُهُ مَهْمَا تَطَرَّفَ مِثْلَهُ وَيَقْصُرُ أَوْ يَمْضِي عَلَى الْمَدِّ أَطْوَلَا

اور امام حمزہؒ اس کا ابدال کرتے ہیں اس کے مثل کے ساتھ جبکہ کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور قصر کرتے ہیں یا مد طویل کرتے ہیں۔

ii. ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل مع الروم اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں اور توسط و قصر کے ساتھ سیدنا ہشامؒ کی روایت میں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَمَا قَبْلَهُ التَحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ مُحَرَّكاً طَرَفاً فَالْبَعْضُ بالرَّوْمِ سَهَّلَا

ترجمہ: اور وہ ہمزہ جس سے پہلے حرکت ہو یا الف ہو اس حال میں کہ ہمزہ متحرک کلمہ کے آخر میں ہو تو بعض حضرات نے روم کے ساتھ اس پر تسہیل کی ہے۔

وَإِنْ حَرْفُ مَدٍّ قَبْلَ هَمْزٍ مُغَيَّرٍ يَجُزْ قَصْرُهُ وَالْمَدُّ مَا زَالَ أَعْدَلَا

ترجمہ: اور اگر تبدیل شدہ ہمزہ سے پہلے حرف مد ہو تو اس کا قصر جائز ہے اور مد ہمیشہ افضل ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور یہ حکم ان مصاحف میں ہے جن میں ہمزہ حذف شدہ لکھا گیا ہے۔ اور جن صورتوں میں واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے ان کے مطابق درج ذیل صورتوں کا اضافہ کیا جائے گا:

مذہب رسم: ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر الف میں مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔ درج ذیل صورتوں کی طرح:

۱. سکون اور اشمام کے ساتھ اشباع۔
۲. سکون اور اشمام کے ساتھ توسط۔
۳. سکون اور اشمام اور روم کے ساتھ قصر۔ کل بارہ صحیح صورتیں بنتی ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

فَفِي الْيَا يَلِي والْوَاوِ وَالحَذْفِ رَسْمَهُ

ترجمہ: پس امام حمزہؒ نے یاء، واؤ اور حذف میں رسم کا اتباع کیا ہے۔

یستھزءون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال کر کے۔ اور رسم عثمانی کے مذہب کے مطابق حذف کر کے زاء کے ضمہ کے ساتھ۔

علامہ شاطبیؒ کہتے ہیں:

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

یہ تسہیل کی دلیل ہے۔

فَفِي الْيَا يَلِي والْوَاوِ وَالحَذْفِ رَسْمَهُ ...

والأخفش بَعْدَ الْكَسْرِ ذا الضَّمَّ أَبْدَلَا ـــــ بِيَاءِ

ترجمہ: پس امام حمزہؒ نے یاء، واؤ اور حذف میں رسم کا اتباع کیا ہے اور امام اخفشؒ نے ہمزہ مضمومہ کا کسرہ کے بعد یا سے ابدال کیا ہے۔

وأنشأنا: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سب دوسرے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدلنے کے ساتھ ہے۔

قرنا آخرين، كم أهلكنا: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلفؒ سے ہمزہ مفصول پر وصلاً سکتہ کی صورت میں نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف منقول ہے۔

كم أهلكنا	في الأرض	الأنهار (وقف کرتے ہوئے)
ترکِ سکتہ	سکتہ	نقل اور سکتہ
ترک	ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل
سکتہ	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

	كم أهلكنا	الأرض، الأنهار	قرنا آخرين (وقف کرتے ہوئے)
	ترکِ سکتہ	سکتہ	بغیر سکتہ کے نقل اور تحقیق
خاص	ترکِ سکتہ	سیدنا خلادؒ کی روایت میں ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں بغیر سکتہ کے نقل اور تحقیق
خاص	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

استهزئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر سکون کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور رسم اور صرف دونوں کا مذہب متفق ہے۔

يومئذ: اس کو ملا کر لکھا گیا ہے۔ لہٰذا امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور جمہور اسی کے قائل ہیں۔ اور بعض نے اس میں تحقیق اور تسہیل دونوں کو جاری کیا ہے۔ اور عمل تسہیل پر ہے۔

القرءان: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لأنذركم: امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. تحقیق۔
۲. امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح تسہیل۔
۳. امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال۔

أئنكم: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

قل أي	شيء	ـءأكبر	آلهة أخرى
ترکِ سکتہ	ترک	ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں بغیر سکتہ کے نقل اور تحقیق
ترک سکتہ	سکتہ	ترک	بغیر سکتہ کے نقل اور تحقیق
سکتہ	سکتہ	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

بريء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔ اور ادغام کی کیفیت یہ ہے کہ ہمزہ کو اس کے ماقبل کی حرکت کی جنس سے تبدیل کر دیا جائے۔ اس صورت میں وہ یاء کے ساتھ بدل جائے گا جس میں ماقبل حرف کا ادغام ہو گا۔

أنباءهم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل اور مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شركاؤكم اور اس جیسے دوسرے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

وينئون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور اس کی کیفیت یہ ہے کہ ہمزہ کی حرکت کو اس سے پہلے ساکن حرف کی طرف منتقل کر دیا جائے۔ لہٰذا اس پر ہمزہ کی حرکت آجائے گی اور ہمزہ حذف کر دیا جائے گا۔

من نبای: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مذہب صرفی:

۱. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال۔ فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكَّنًا ... (پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔)

۲. یاء کی طرح تسہیل مع روم۔ وَمَا قَبْلَهُ التَحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ... (اور وہ ہمزہ جس سے پہلے حرکت ہو یا الف ہو۔۔۔)

مذہب رسم:

ہمزہ کو یاء کے ساتھ تبدیل کیا جائے گا سکون اور روم کے ساتھ۔

من يشأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں اور اس کی حرکت کا وصل کرتے ہوئے کوئی اعتبار نہیں کیونکہ وہ وصل کرتے ہوئے ساکن سے پہلے ساکن ہے لہٰذا دو ساکنوں سے بچنے کے لیے متحرک ہوا ہے۔

ومن يشأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

بالبأساء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔ اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

والضراء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أرءيتم، أرءيتكم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رہا قل أرءيتكم اور قل أرءيتم: تو امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ دونوں دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے۔ اور یہ معلوم ہے کہ امام حمزہؒ کی قرأت میں تحقیق سکتہ کے بغیر ہوتی ہے اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ساتھ ہوتی ہے۔

لیقولوا أهؤلاء: امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ۔ اور ان سے دوسرے ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل اور کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں منقول ہیں۔ اور ان کا بیان درج ذیل ہے:

۱. دوسرے ہمزہ کی مد کے ساتھ تحقیق اور اس صورت میں کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں۔

۲. دوسرے ہمزہ کی بین بین مد کے ساتھ تسہیل اور اس صورت میں کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں۔ یعنی:

I. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔

II. روم کے ساتھ تسہیل مع المد۔

۳. دوسرے ہمزہ کی قصر کے ساتھ تسہیل اور اس صورت میں کلمہ کے آخری ہمزہ میں:

I. الف کے ساتھ ابدال مد کی تین صورتوں کے ساتھ۔

II. روم کے ساتھ تسہیل مع القصر۔

اور سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں اور درمیانی ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ینبئکم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل اور ہمزہ کو یاء مضمومہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

لئن اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رءا: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امالوں کا لحاظ کرتے ہیں۔

برىء: امام حمزہؒ اور امام ہشامؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

شیئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

جئتمونا: امام حمزہؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أنشأكم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

إلى أوليائهم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔ رہا رسم کے مطابق اس کا یاء کے ساتھ ابدال، تو وہ ممنوع ہے۔

بأهوائهم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور اس کے یاء مفتوحہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے مد اور قصر کے ساتھ۔

أنشأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ دوسرے ہمزے کے الف سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بالسيئة: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کے یاء مفتوحہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

خلائف اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأعراف

قائلون، غائبين اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

فلنسئلن، ولنسئلن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مذءوما: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شئتما: امام حمزہؒ ہمزہ کے یاء سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سوآتهما، سوآتكم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بدأكم: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يستأخرون: امام حمزہؒ الف سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بآياته: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لأولاهم، لأخراهم: امام حمزہؒ وقف کرتے ہیں:

۱. ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ۔
۲. امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق اس کی واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ۔
۳. امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق اس کے یاء مضمومہ سے ابدال کے ساتھ۔

فأذن: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور اس کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مؤذن: امام حمزہؒ ہمزہ کو واؤ سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

الملأ: امام حمزہؒ ہمزہ کے الف سے ابدال اور اس کی واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کرتے ہیں روم کے ساتھ۔

یصالح ائتنا: امام حمزہؒ ماقبل کے ساتھ وصل کرتے ہوئے ہمزہ کے واؤ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ البتہ ائتنا کے منفرد ہونے کے صورت میں وہ ہمزہ وصلی کے بعد جو کہ تمام قراء کے نزدیک مکسور ہے (دوسرے) ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

أئنكم، أئن اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور یاء کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أتأتون: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کے الف سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ البتہ پہلے ہمزہ میں تحقیق ہے اس سے پہلے حرف مد: "قال لقومه...." کے واقع ہونے کی وجہ سے

امرأته: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

كأن لم: اگر آپ امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق "كأن" کے نون پر وقف کروگے تو ہمزہ کی تحقیق اور اس کی بین بین تسہیل کروگے۔ اور اگر اس کے ساتھ "لم" پر وقف کروگے تو تحقیق ہوگی۔

السيئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ سے ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بالبأساء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

والضراء، الضراء، السراء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

من أنبائها: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔ اور ہر ایک پہلے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ ہے بغیر سکتہ کے امام حمزہؒ کی قرأت میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور سکتہ کے ساتھ سیدنا خلفؒ کی روایت میں۔

وضاحت:

من أنبـــــ	ـــائها
نقل	مد اور قصر کے ساتھ تسہیل
بغیر سکتہ کے تحقیق	مد اور قصر کے ساتھ تسہیل
اور سکتہ کے ساتھ تحقیق	سیدنا خلفؒ کی روایت میں مد اور قصر کے ساتھ تسہیل

ءآمنتم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

هؤلاء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. پہلے ہمزہ کی تحقیق اور مد و قصر کے ساتھ اس کی تسہیل، ہر ایک کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد، توسط اور قصر کے ساتھ۔

۲. پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کی روم کے ساتھ تسہیل مد و قصر کے ساتھ۔

۳. پہلے ہمزہ کی تسہیل مد کے ساتھ اور کلمہ کے آخری ہمزہ کی روم کے ساتھ تسہیل مد کے ساتھ۔

۴. پہلے ہمزہ کی تسہیل قصر کے ساتھ اور کلمہ کے آخری ہمزہ کی روم کے ساتھ تسہیل قصر کے ساتھ۔ کل پندرہ صورتیں بنتی ہیں جن میں سے تیرہ صورتیں صحیح اور دو صورتیں ناجائز ہیں۔

خوار ألم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ سکتہ کے بغیر ہمزہ کی تحقیق اور نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں تحقیق کے ساتھ سکتہ بھی ہے۔

یروا أنه: گزشتہ کی طرح ہے۔

بئسما: امام حمزہؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

ابن أم: اس ہمزہ کو الف لکھا گیا ہے۔ امام حمزہؒ تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

السيئات: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ سے ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شئت: امام حمزہؒ یاء ساکنہ سے ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

خطيئتكم: امام حمزہؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ چنانچہ یاء مشددہ کے ساتھ تلفظ کرتے ہیں جس کے بعد الف کا لحاظ کیا جائے گا۔

تأذن: امام حمزہؒ ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يسئلون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فبأي: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ سے اس کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

السوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے۔

قرئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو یاء ساکنہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

القرآن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأنفال

يسئلونك: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا ... (اور اس کے ساتھ متحرک کردو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔)

مؤمنين اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ... (پس اس ہمزہ کو حرف مد سے بدل دو۔۔۔)

اللہ تعالیٰ کا فرمان "وإذا تليت عليهم آياته زادتهم إيمانا" امام حمزہؒ کی قرأت میں درج ذیل صورتیں ہیں:

	عليهم آياته (وصل کرتے ہوئے)	زادتهم إيمانا (وقف کرتے ہوئے)
	ترکِ سکتہ	ترکِ سکتہ
خاص	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ

كأنما اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ولتطمئن: امام حمزہؒ یاء کی طرح بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

من السماء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ماء: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

يومئذ: امام حمزہؒ جمہور کے مطابق یاء مکسورہ کے ساتھ تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

بلاء: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرى ...

(سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو۔)

بين المرء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں سکون اور روم کے ساتھ۔

سيناتكم: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ سے ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أو ائتنا: امام حمزہؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

أولياء: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

إن أولياؤه: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور اس کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں بغیر سکتہ کے۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ بھی ہے۔ ہر ایک دوسرے ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے مد اور قصر کے ساتھ۔ اور ہر صورت جائز ہے ہاء کے سکون یا اشام یا روم کے ساتھ۔ لہٰذا خلادؒ کی روایت میں درج ذیل صورتیں ہوں گی:

١. پہلے ہمزہ میں نقل اور اس کی تحقیق سکتہ کے بغیر۔ ہر ایک دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ ہے مد اور قصر کے ساتھ۔ اور ہر ایک صورت ہاء پر سکون، اشام اور روم کے ساتھ ہے۔(٢ × ٢ × ٣)

٢. پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق سکتہ کے بغیر اور دوسرے ہمزہ کا واؤ مضمومہ کے ساتھ ابدال مد اور قصر کے ساتھ۔ ہر ایک صورت ہاء ہر سکون، اشام اور روم کے ساتھ جیسا کہ متولیؒ نے اس کو جائز قرار دیا ہے۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں یہ صورتیں ہوں گی ہمزہ مفصول پر بغیر سکتہ کے قرأت کی صورت میں۔ البتہ ہمزہ مفصول پر وصلاً سکتہ کی صورت میں وہ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱. دوسرے ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ مد اور قصر کے ساتھ، ہر ایک باء پر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

۲. دوسرے ہمزہ کا واؤ مضمومہ کے ساتھ ابدال مد اور قصر کے ساتھ۔ باء پر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ جیسا کہ متولیؒ نے اس کو جائز قرار دیا ہے۔

وضاحت:

إن أو	لياؤ	هُ
کل اٹھارہ صورتیں بنتی ہیں		
نقل	مد کے ساتھ تسہیل	سکون، اشمام اور روم
نقل	قصر کے ساتھ تسہیل	سکون، اشمام اور روم
نقل	مد کے ساتھ واؤ سے ابدال	سکون، اشمام اور روم
نقل	قصر کے ساتھ واؤ سے ابدال	سکون، اشمام اور روم
تحقیق	مد اور قصر کے ساتھ تسہیل	سکون، اشمام اور روم
تحقیق	مد اور قصر کے ساتھ واؤ سے ابدال	سکون، اشمام اور روم
اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں ہمزہ مفصول پر سکتہ کی صورت میں درج ذیل کا اضافہ کیا جائیگا:		
توستائیس صورتیں بنتی ہیں		
سکتہ	مد اور قصر کے ساتھ تسہیل	سکون، اشمام اور روم
سکتہ	مد کے ساتھ واؤ سے ابدال	سکون، اشمام اور روم
سکتہ	قصر کے ساتھ واؤ سے ابدال	سکون، اشمام اور روم

ورثاء: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کو یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد، توسط اور قصر کے ساتھ۔ اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الفتتان: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اسی طرح مائۃ اور مائتین میں۔

شیء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة التوبة

براءة اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرى ...

ترجمہ: سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو۔

برىء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

وَيُدْغِمُ فِيهِ الْوَاوَ وَالْيَاءَ مُبْدِلا ...

ترجمہ: اور اس ہمزہ میں واؤ اور یاء کا ادغام کرتے ہیں اس طرح کہ اسے بدلنے والے ہیں۔

اسی طرح النسيء ہے۔

فأجره اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَائِدِ ...

ترجمہ: اور جس میں ہمزہ اس طرح پایا گیا ہو کہ متوسط ہو زائد حروف کی وجہ سے۔

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

أئمة: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بأمره: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

بدوءكم: امام حمزہ بین بین تسہیل اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں دال کے فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ۔

يطفئوا، ليواطئوا: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور یاء مضمومہ کے ساتھ اس کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور واؤ کے ماقبل ضمہ کے ساتھ حذف کے ساتھ (بھی وقف کرتے ہیں۔)

یقول ائذن: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے، اور منفرد ہمزہ وصل کے بعد یاء کے ساتھ (بدل کر وقف کرتے ہیں۔)

تسؤهم: امام حمزہؒ واؤ ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

ملجأ: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ تنوین وقف کی صورت میں الف سے بدل جاتی ہے، لہٰذا ہمزہ متوسط بن جاتا ہے۔

والمؤلفة: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

تنبئهم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور یاء مضمومہ سے اس کا ابدال کر کے وقف کرتے ہیں۔

استهزءوا، تستهزءون اور اس جیسے الفاظ: یہ یطفئوا کی طرح ہیں۔

نبأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور اس کی بین بین تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اسی طرح ظمأ اور اس جیسے الفاظ بھی ہیں۔

الضعفاء اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں، اور ہمزہ کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں امام حمزہؒ کی قرأت میں روم مع مد اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی روایت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔

رءف: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ملجأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة يونس

يبدؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدلتے ہیں اور اس کی بین بین تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور رسم کے مطابق اس کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ لہٰذا اس میں پانچ صورتیں بنتی ہیں۔ دو قیاسی تین رسمی۔

ضیاء اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

واطمأنوا: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

كأن: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لقاءنا اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لقاءنا ائت: امام حمزہؒ ہمزہ ساکنہ کو الف کے ساتھ بدل کر ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے لقاءنا کے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ البتہ ہمزہ منفردہ کی صورت میں ہمزہ وصلی مکسور کے بعد ہمزہ یاء ساکنہ کے ساتھ بدل جاتا ہے: "ایت" تمام قراء کے نزدیک۔

بقرآن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شفعؤنا: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

قل أتنبئون: امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں (حذف کی صورت کے ساتھ باء کے ضمہ کا لحاظ کیا جائے گا):

قل أتنـ	ـنبئون
نقل	واؤ کی طرح تسہیل اور یاء مضمومہ سے ابدال اور حذف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بغیر سکتہ کے تحقیق	تسہیل، ابدال اور حذف
سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں تسہیل، ابدال اور حذف

تلقاء: ہمزہ کو یاء کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ لہٰذا حمزہؒ اور ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ اور رسم کے مطابق ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ سب سکون کے ساتھ ہے۔ رہا روم، تو وہ قصر کی صورت میں ہے۔ (کل ۹ صورتیں ہوئیں۔)

جزاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سيئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وشرکاؤکم اور اس جیسے دوسرے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بريئون: امام حمزہؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

برىء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

قل أرأيتم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت کے مطابق ہمزہ مفصول پر سکتہ کی سورت میں پہلے ہمزہ میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

ويستنبئونك: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کر کے اور یاء مضمومہ کے ساتھ بدل کر اور باء موحدہ کے ضمہ کے ساتھ ہمزہ کو حذف کر کے وقف کرتے ہیں۔ کل تین صورتیں ہوگئیں۔

شأن: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

شركاء، شاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ءالآن: امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. ہمزہ وصلی کا الف کے ساتھ ابدال اشباع کے ساتھ اور لام کے بعد والے ہمزہ میں نقل اور سکتہ مع التحقیق کے ساتھ۔

۲. ہمزہ وصلی کا الف کے ساتھ ابدال قصر کے ساتھ لام کے بعد والے ہمزہ میں نقل کے ساتھ۔

۳. ہمزہ وصلی کی تسہیل لام کے بعد والے ہمزہ میں نقل اور سکتہ کے ساتھ۔

آلـ	ـآن
مد کے ساتھ ابدال	ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ نقل اور سکتہ
قصر کے ساتھ ابدال	نقل
تسہیل	ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ نقل اور سکتہ

فرعون ائتونی: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر ماقبل کے ساتھ وصل کرتے ہوئے وقف کرتے ہیں۔

فسئل: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تبوءا: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

جميعا أفأنت: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ۔

اور پہلے ہمزہ میں نقل اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ (وقف کرتے ہیں) (اور بعض نے کہا ہے کہ دوسرے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ، کیونکہ دونوں ہمزہ کے درمیان فاء پایا جاتا ہے۔)

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ کی تحقیق اور سکتہ اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ (وقف کرتے ہیں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة هود

يستهزءون: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے اور یاء مضمومہ کے ساتھ ہمزہ کا ابدال کر کے اور رسم کے مطابق زاء کے ضمہ کے ساتھ حذف کر کے وقف کرتے ہیں۔

لیئوس: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے اور رسم کے مطابق فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ حذف کر کے وقف کرتے ہیں (لہٰذا یاء مفتوحہ کے بعد واؤ ساکنہ کا تلفظ ہوگا۔)

السیئات: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فالم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

من أولیاء: سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ کو صرف الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ (اور ہمزہ روم کے ساتھ تسہیل توسط اور قصر کے ساتھ ممنوع ہے ضمہ یا کسرہ کے نہ ہونے کی وجہ سے۔) اور سیدنا خلادؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. پہلے ہمزہ میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال، ان دونوں پر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

اور سیدنا خلفؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. ساکن مفصول پر سکتہ نہ کرنے کی صورت میں سیدنا خلادؒ کی طرح وقف کرتے ہیں۔

٢. ساکن مفصول پر سکتہ کرنے کی صورت میں پہلے ہمزہ کے نقل اور سکتہ اور دونوں حالتوں میں کلمہ کے آخری ہمزہ کو بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

الملأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور اس کی بین بین تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الرأى اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

تبتئس: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سآوى اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور اس کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں ہمزہ کے متوسط واقع ہونے کی بنا پر زائد حرف کی وجہ سے۔

يأرض: امام حمزہؒ تحقیق اور مد کے ساتھ اور الف کی طرح تسہیل مع مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ويسماء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تسئلن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أن أسئلك: سیدنا خلادؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور اس کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک صورت ہمزہ متوسطہ میں نقل کے ساتھ ہے۔ اسی طرح سیدنا خلفؒ ہمزہ مفصول میں سکتہ نہ کرنے کی صورت میں کرتے ہیں۔

اور جب سیدنا خلفؒ ہمزہ مفصول میں سکتہ کرتے ہیں تو پہلے ہمزہ میں نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر صورت دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ ہے۔

بسوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے۔

برىء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ادغام مع سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رءا: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أألد: امام حمزہ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سىء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امرأتك: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أشياءهم: امام حمزہؒ ہمزہ متوسطہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

ما نشؤا: ہمزہ کو واؤ کی طرح لکھا گیا ہے لہٰذا امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

مذہب صرفی کے مطابق:

۱. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔
۲. ہمزہ کی روم کے ساتھ تسہیل اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں اور توسط اور قصر کے ساتھ امام ہشامؒ کی قرأت میں۔

مذہب رسم کے مطابق ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل دیا جاتا ہے:

۱. اشباع صرف سکون اور اشمام کے ساتھ۔
۲. توسط صرف سکون اور اشمام کے ساتھ۔
۳. قصر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

أرءيتم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

نؤخره، فؤادك: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

من أنباء: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں اور ہر ایک صورت میں کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں ہوں گی۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں جب وہ ہمزہ مفصول میں سکتہ کرتے ہیں تو پہلے ہمزہ میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔

اور سیدنا ہشامؒ آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ان کی قرأت میں پہلے ہمزہ کی تحقیق ضروری ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هؤلاء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور مد کے ساتھ وقف کرتے ہیں دوسرے ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ /اور پہلے ہمزہ کی تسہیل مع المد اور دوسرے ہمزہ کے الف سے ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور اس کی تسہیل روم مع القصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں/اور پہلے ہمزہ کی تسہیل مع القصر اور دوسرے ہمزہ کے الف سے ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور اس کی تسہیل روم مع القصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ پندرہ میں سے تیرہ وجوہ جائز ہیں، دو ناجائز ہیں۔

لأملأن: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک صورت دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے۔

للمؤمنين اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة يوسف

قرآنا اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا ...

ترجمہ: اور اس کے ساتھ متحرک کردو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔

یأبت: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق مع المد کے ساتھ اور الف کی طرح تسہیل مع مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَائِدٍ ... دَخَلْنَ عَلَيْهِ

ترجمہ: اور وہ لفظ جس میں ہمزہ اس حال میں پایا گیا ہو کہ متوسط ہو گیا ہو ایسے زائد حروف کی وجہ سے جو اس پر داخل ہوئے ہوں۔

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرَى يُسَهِّلُهُ مَهْمَا تَوَسَّطَ مَدْخَلَا

ترجمہ: سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو تو وہ اس کی تسہیل کرتے ہیں جبکہ وہ درمیان میں واقع ہو رہا ہو۔

رأیت: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

رؤياك، الرؤيا، رؤياي: امام حمزہؒ واؤ ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر پھر واؤ کو یاء سے بدل کر ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں پس یاء مشددہ کا تلفظ کرتے ہیں۔ اور اس کی کیفیت یہ ہے کہ آپ ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کر دیں، پھر واؤ کو یاء کے ساتھ تبدیل کر دیں جس کا بعد والے حرف یاء میں ادغام کیا جائے گا۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنَا

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

الذئب: امام حمزہؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنَا

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

السوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون کے ساتھ ہے۔

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا ...

(اور اس کے ساتھ متحرک کردو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔)

وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ تَسَكَّنَ قَبْلَهُ أَوِ الْيَا فَعَنْ بَعْضٍ بِالإِدْغَامِ حُمِّلَا

اور جس ہمزہ سے پہلے واؤ یا یاء اصلی ساکن ہو وہ بعض اہل ادا سے ادغام کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔

والفحشاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَيُبْدِلُهُ مَهْمَا تَطَرَّفَ مِثْلَهُ وَيَقْصُرُ أَوْ يَمْضِي عَلَى الْمَدِّ أَطْوَلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اس کا ابدال کرتے ہیں اس کے مثل کے ساتھ جبکہ کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور قصر کرتے ہیں یا مد طویل کرتے ہیں۔

سوء ا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں ہمزہ کے واؤ ساکنہ اصلہ کے بعد تنوین کی بنا پر متوسط ہونے کی وجہ سے۔

الخاطئين: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور ان سے رسم کے مطابق حذف بھی منقول ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

فَفِي الْيَا يَلِي والْوَاوِ وَالحَذْفِ رَسْمَهُ

ترجمہ: پس امام حمزہؒ نے یاء، واؤ اور حذف میں رسم کا اتباع کیا ہے۔

متكئا: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ولئن: یہ زائد حرف کی بنا پر ہمزہ متوسط کی صورتوں میں سے ہے۔ امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

نبئنا: امام حمزہؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

دأبا: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

الملك ائتوني: امام حمزہؒ ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے وقف کرتے ہیں۔ رہا بغیر وصل کے، تو ہمزہ وصلی مکسور کے بعد تمام قراء کی طرح ہمزہ یاء کے ساتھ تبدیل ہوجاتا ہے۔

فسئله: امام حمزہ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أبرئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ صرف کے مطابق ہمزہ کو یاء ساکنہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اسی طرح اس کی تسہیل کر کے روم کے ساتھ۔ اور ان سے اس کو رسم کے مطابق یاء کے ساتھ بدلنا بھی منقول ہے سکوت، اشمام اور روم کے ساتھ۔

قال ائتوني: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے وقف کرتے ہیں۔ اور رہا بغیر وصل کے، تو ہمزہ وصلی مکسور کے بعد ہمزہ یاء کے ساتھ تبدیل ہوجاتا ہے۔

تبتئس: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

مؤذن: امام حمزہؒ ہمزہ کو واؤ مفتوحہ سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

جزاؤہ تینوں الفاظ: ہمزہ واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے لہٰذا امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ ہر ایک صورت ہاء میں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہوگی۔ اور بعض حضرات نے کہا ہے کہ ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر مد اور قصر کے ساتھ وقف کریں گے ہاء میں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔ صفاقسیؒ اور ابن الجزریؒ فرماتے ہیں: کہ قیاس کے ساتھ رسم الخط کی صورت ہمزہ اور واؤ کے درمیان بین بین تسہیل ہے اور ہاء میں سکون، اشمام اور روم جائز ہے۔

استیئسوا، تایئسوا، یایئس: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ یاء اصلیہ ساکنہ ہے ھیئۃ اور شیئا کی طرح اس کے باب میں نہ کہ وزن میں۔

أءنك: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وكأين: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور قاضیؒ نے اپنی کتاب "البدور الزاهرة" میں ذکر کیا ہے: مجھے اس میں مضبوط صورت صرف تسہیل کی معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ کلمہ اگرچہ کاف تشبیہ اور أی سے مرکب ہے لیکن یہ اصل بھلا دی گئی ہے اور اسے ایک معنٰی پر دلالت کرنے کے لیے وضع کر دیا گیا ہے اور وہ تکثیر (زیادتی پر دلالت کرنا) ہے لفظ "کم" کی طرح، اس لیے یہ مفرد لفظ ہو گیا ہے نہ کہ مرکب۔[1]

(١) البدور الزاهرة، سورۃ آل عمران

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الرعد

يؤمنون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنَا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

لأجل: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ اس کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وَمَا فِيهِ يُلْفَى وَاسِطاً بِزَوَائِدِ دَخَلْنَ عَلَيْهِ فِيهِ وَجْهَانِ أُعْمِلَا

ترجمہ: اور وہ لفظ جس میں ہمزہ اس حال میں پایا گیا ہو کہ متوسط ہو گیا ہو ایسے زائد حروف کی وجہ سے جو اس پر داخل ہوئے ہوں تو اس میں دو مستعمل وجہیں ہیں۔

وَيُسْمِعُ بَعْدَ الْكَسْرِ وَالضَّمِّ هَمْزَهُ لَدى فَتْحِهِ يَاءًا وَوَاوًا مُحَوَّلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اپنے ہمزہ کو کسرہ اور ضمہ کے بعد اس کے مفتوح ہونے کی صورت میں یاء یا واؤ کے ساتھ بدل کر سناتے ہیں۔

سوء ا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مَتَسَكِّنَا

ترجمہ: اور تم اس کے ساتھ متحرک کر دو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔

وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ تَسَكَّنَ قَبْلَهُ أوِ الْيَا فَعَنْ بَعْضٍ بِالإِدْغَامِ حُمِّلَا

ترجمہ: اور جس ہمزہ سے پہلے واؤ یا یاء اصلی ساکن ہو وہ بعض اہل ادا سے ادغام کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔

وينشئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ اور ہمزہ کی تسہیل کر کے روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کے فرمان: "قل إن الله يضل من يشاء ويهدي إليه من أناب" کے بارے میں امام حمزہؒ کی قرأت یہ ہے:

	قل إن	من أناب
	ترکِ سکتہ	نقل اور تحقیق سکتہ کے بغیر
خاص	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

مآب: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یائیس: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ویدرءون: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ اور راء کے فتحہ کے باقی رہنے اور ہمزہ کے حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

استهزئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

تنبئونه: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ اور یاء مضمومہ کے ساتھ بدل کر اور باء موحدہ کے ضمہ اور ہمزہ کے حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ دو قیاسی ایک رسمی صورت ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة إبراهيم

عوجا أولئك: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہ دونوں صورتیں درمیانی ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل اور مد وقصر کے ساتھ ہیں۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے دوسرے ہمزہ کی مد اور قصر کے ساتھ تسہیل کے ساتھ۔ اور یہ ہمزہ مفصول پر سکتہ کرنے کی صورت میں ہے۔

يشاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور ہمزہ کی روم مع تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں، امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع وقصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں توسط وقصر کے ساتھ۔

نساءكم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرَى يُسَهِّلُهُ مَهْمَا تَوَسَّطَ مَدْخَلَا

ترجمہ: سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو تو وہ اس کی تسہیل کرتے ہیں جبکہ وہ درمیان میں واقع ہو رہا ہو۔

تأذن: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

ويؤخركم: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اسی طرح یؤخرهم بھی ہے۔

يشأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

بأمره: امام حمزہؒ تحقیق اور ہمزہ کو باء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أفئدة: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

البتہ اللہ تعالیٰ کے فرمان "فاجعل أفئدة" میں امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر صورت دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں مفصول میں سکتہ کی کرنے کی صورت میں پہلے ہمزہ میں سکتہ ہوگا دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ۔

رءوسهم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

الألباب اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق مع سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلادؒ کی سکتہ کے بغیر قرأت میں وہ اس پر نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور اسی طرح ہر نظیر میں حکم ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الحجر

وقرآن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وما يستأخرون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

حمإ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنَا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

اور تسہیل مع روم کے ساتھ۔

ماقَبْلَهُ التَحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ...

ترجمہ: اور وہ ہمزہ جس سے پہلے حرکت ہو یا الف ہو۔۔۔

يابليس: امام حمزہؒ تحقیق مع المد اور تسہیل بین بین مع المد والقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

نبئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو یاء ساکنہ سے بدل کر وقف کرتے ہیں،۔

فأسر: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لنسئلنهم: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

المستهزءين: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة النحل

دفء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

لرءف: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شیئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یستھزءون: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کرکے اور یاء مضمومہ کے ساتھ ہمزہ کا ابدال کرکے اور رسم کے مطابق زاء کے ضمہ کے ساتھ حذف کرکے وقف کرتے ہیں۔

لنبوئنھم: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فسئلوا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یتفیؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور روم کے ساتھ اس کی تسہیل کرکے وقف کرتے ہیں۔ اور رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تجئرون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یؤاخذ، یؤخرھم: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

شیئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سواء اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

قرأت: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

مطمئن: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وإبتاي: امام حمزہؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں نو صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور زائد حرف کی بنا پر درمیانی ہمزہ میں دو صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ لہٰذا ان کی قرأت پر ۱۸ صحیح صورتیں ہوں گی۔ اور سیدنا ہشام کی قرأت پر کلمہ کے آخری ہمزہ میں نو صورتیں اور ہمزہ متوسطہ کی تحقیق ہے۔

امام حمزہؒ کی قرأت میں صورتوں کی وضاحت:

۱. پہلے ہمزہ کی تحقیق کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف سے بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔ اور سیدنا ہشامؒ نے ان کی موافقت کی ہے۔

۲. پہلے ہمزہ کی تحقیق کلمہ کے آخری ہمزہ تسہیل مع الروم اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں اور توسط اور قصر کے ساتھ سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں۔

۳. پہلے ہمزہ کی تحقیق کلمہ کے آخری ہمزہ کو یاء ساکنہ سے بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔ اور سیدنا ہشامؒ نے ان کی موافقت کی ہے۔

۴. پہلے ہمزہ کی تحقیق کلمہ کے آخری ہمزہ کو یاء سے بدل کر روم مع القصر کے ساتھ۔ اور سیدنا ہشامؒ نے ان کی موافقت کی ہے۔

۵. پہلے ہمزہ کی بین بین تسہیل صرف امام حمزہؒ کی قرأت میں کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں اور یاء ساکنہ سے بدل کر سکون و مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور روم و قصر کے ساتھ۔

لفظ اِن کو اللہ تعالیٰ کے فرمان: "إنما عند الله" میں "ما" کے ساتھ الگ بھی لکھا گیا ہے اور ملا کر بھی۔ لہٰذا "قليلا إنما" میں نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف ہوگا سکتہ کے ساتھ اور بغیر سکتہ کے، چاہے آپ اِن پر وقف کرو یا ما پر۔ اس بات کو متولیؒ نے "توضیح المقام" میں ذکر کیا ہے۔ اور یہ بات معلوم ہے کہ مفصول میں سکتہ سیدنا خلفؒ کی روایت کے ساتھ خاص ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الإسراء

إسرائيل: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی مد اور قصر کے ساتھ تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

سِوَى أَنَّهُ مِنْ بَعْدِ مَا أَلِفٍ جَرى يُسَهِّلُهُ مَهْمَا تَوَسَّطَ مَدْخَلَا

سوائے اس کے کہ وہ ہمزہ الف کے بعد آرہا ہو تو وہ اس کی تسہیل کرتے ہیں جبکہ وہ درمیان میں واقع ہو رہا ہو۔

وَإِنْ حَرْفُ مَدٍّ قَبْلَ هَمْزٍ مُغَيَّرٍ يَجُزْ قَصْرُهُ وَالْمَدُّ مَا زَالَ أَعْدَلَا

ترجمہ: اور اگر تبدیل شدہ ہمزہ سے پہلے حرف مد ہو تو اس کا قصر جائز ہے اور مد ہمیشہ افضل ہے۔

بأس: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو تبدیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

لأنفسكم: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وإن أسأتم: امام حمزہؒ أسأتم کے پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں ہمزہ ساکنہ کو الف کے ساتھ بدل کر۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ میں سکتہ کے ساتھ تحقیق کا اضافہ کیا جاتا ہے ہمزہ ساکنہ کے ابدال کے ساتھ۔ رہا "وإن" پر وقف، تو اس کی تحقیق اور بین بین تسہیل ہوتی ہے۔

ليسوؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون کے ساتھ ہے واؤ کے اصلی ہونے کی وجہ سے۔

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مَتَسَكِّنًا

ترجمہ: اور تم اس کے ساتھ متحرک کر دو اس سے پہلے حرف کو جبکہ وہ ساکن ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَا وَاوٌ اَصْلِيٌّ ...(اور جس ہمزہ سے پہلے واؤ یا یاء اصلی۔۔۔۔)

اقرأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

خطئا، مسئولا، القرآن اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سیئہ: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور یاء مضمومہ سے اس کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ (اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔)

وَالاخفش بَعْدَ الْكَسْرِ ذا الضَّمِّ أَبْدَلَا

ترجمہ: اور امام اخفشؒ نے ہمزہ مضمومہ کا کسرہ کے بعد یا سے ابدال کیا ہے۔

أفأصفاكم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مدحورا أفأصفاكم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل/اور پہلے ہمزہ کی نقل اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور یہ معلوم ہے کہ مفصول میں سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ ہوتا ہے۔ اور اسی روایت پر دوسرے ہمزہ کی دونوں صورتیں ہیں۔

اور بعض حضرات نے پہلے ہمزہ کے نقل اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق کا اضافہ کیا ہے۔ اور حرفِ فاء کے فاصل (جدا کرنے والا حرف) ہونے کی علت بیان کی ہے۔ لیکن عمل دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ تخفیف پر ہے پہلے ہمزہ کی نقل کے ساتھ تخفیف کی صورت میں۔

اللہ تعالیٰ کے فرمان: "وإن من شيء إلا" میں امام حمزہؒ کی قرأت کی درج ذیل صورتیں ہیں:

شيء	ـــيء إلا
سکتہ	نقل اور تحقیق سکتہ کے بغیر
سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ تحقیق اور نقل
ترکِ سکتہ	سیدنا خلادؒ کی روایت میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الرءيا: امام حمزہؒ واؤ ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اس طرح راء کے بعد یاء مشددہ کے ساتھ تلفظ کرتے ہیں۔

رءوسهم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور ہمزہ کے حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أرءيتك: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور اس کا حذف ممنوع ہے۔

بإمامهم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يقرءون: امام حمزہؒ واؤ کی تسہیل اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں راء کے فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ۔

ونشأ: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ينوسا: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں پس یاء مفتوحہ کے بعد واؤ لین کے ساتھ تلفظ کرتے ہیں۔

نقرؤه: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور بعض حضرات اس صورت میں ہاء کے اندر سکون کے ساتھ اشمام اور روم کی صورتیں جاری کر کے وقف کرتے ہیں اور اس سے کوئی مانع بھی نہیں ہے۔

مطمئنين: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

جزاؤهم: امام حمزہؒ مد اور قصر کے ساتھ ہمزہ کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الكهف

لآبائهم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور اسے یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ ہر ایک دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل اور مد وقصر کے ساتھ ہے۔

وهيئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں اور اسی طرح "يهيّء" بھی ہے۔

فأووا اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وملئت: امام حمزہؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

مراءا: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ میں تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لشاىء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کر کے ہر صورت میں سکون اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ثلاثمائة: امام حمزہؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں اور اسی طرح فِئَة اور اس جیسے الفاظ بھی ہیں۔

متكئين: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کر کے وقف کرتے ہیں۔

هزؤا: امام حمزہؒ نقل کر کے اور واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر زاء کے سکون کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

موئلا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اسی طرح ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر ما

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قبل کی واؤ کا واؤ میں ادغام ہو جاتا ہے۔ پس واؤ مشدد مکسورہ کے ساتھ تلفظ کرتے ہیں: (موٗلا)

تسئلني، يسئلونك: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

"جئت شيئا إمرا" میں امام حمزہؒ کی قرأت میں درج ذیل صورتیں ہیں:

١. جئت یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر۔

٢. شیئا نقل اور ادغام کے ساتھ۔

٣. "شیئا إمرا" شیئا میں سکتہ إمرا میں نقل اور تحقیق کے ساتھ۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں تنوین میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں مطلقاً عدمِ سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے إمرا کے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ۔

شیـــ	ـــئا إمرا
سکتہ	نقل
سکتہ	سکتہ کے بغیر تحقیق
سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ تحقیق
ترکِ سکتہ	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل
ترکِ سکتہ	سیدنا خلادؒ کی روایت میں سکتہ کے بغیر تحقیق

سأنبئك: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور ہر صورت میں دوسرے ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل اور یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال ہوگا۔

تؤاخذني: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فله جزاء: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے مد و قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ وہ نصب اور تنوین کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف ہے اور اسی طرح واؤ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ساتھ بدل کر بھی مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ، ہر ایک سکون اور اشمام کے ساتھ ہے۔ رہا روم، تو وہ قصر کی صورت میں ہے ان مصاحف میں جن میں واؤ کی صورت میں لکھا ہوا ہے۔ اور جن مصاحف میں رسم میں حذف کیا گیا ہے ان میں صرف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔

اور یہ اس لیے ہے کہ سیدنا ہشامؒ کی قرأت رفع کے ساتھ بغیر تنوین کے ہے۔

قال ائتوني: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے وقف کرتے ہیں۔ اور اس کے الگ ہونے کی صورت میں وہ اس کو ہمزہ وصلی مکسور کے بعد یاء سے تبدیل کرتے ہیں۔

دکاء: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ وہ ہمزہ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ البتہ سیدنا ہشامؒ تنوین کو الف کے ساتھ بدل دیتے ہیں جس میں دو حرکتوں کی مقدار میں مد ہوتی ہے "دکا" لفظ "إدا". کی طرح، کیونکہ وہ بغیر ہمزہ کے تنوین کے ساتھ پڑھتے ہیں: "دکًا"۔

أولياء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة مريم

عبده زكريا، يا زكريا: سیدنا ہشامؒ معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور وہ ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ ہے اور تسہیل مع روم توسط اور قصر کے ساتھ ہے کیونکہ وہ ہمزہ کے ساتھ "زکریاء" پڑھتے ہیں اور یہاں اس کا مقام رفع کا ہے۔ اور امام حمزہؒ کاف کے بعد الف کے ساتھ پڑھتے ہیں اور ان کی قرأت ہمزہ کے بغیر "زکریا" ہے۔

وراءي: امام حمزہؒ بین بین تسہیل اور مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

امرأتي: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لأهب: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يأخت: امام حمزہؒ تحقیق مع المد کے ساتھ اور الف کی طرح تسہیل کر کے مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

امرأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کی طرح ہمزہ کے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

ورءيا: امام حمزہؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں یا کے اظہار یا اس کے بعد والے حرف میں ادغام کے ساتھ۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا ...

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

وَرِءْيًا عَلَى إِظْهَارِهِ وَإِدْغَامِهِ

ترجمہ: یعنی یاء کے اظہار کے ساتھ جو ہمزہ سے بدل کر آئی یا مابعد میں اس کے ادغام کے ساتھ۔

أفرءيت: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مردّا أفرءيت: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے پڑھتے ہیں اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ اور امام حمزہؒ کی قرأت میں، ہر ایک دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ ہوگا۔

شيئا إذا: امام حمزہؒ نقل اور تحقیق کے ساتھ ساکن مفصول میں بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں اور ہر صورت امام حمزہؒ کی قرأت میں شیئا میں سکتہ کے ساتھ ہے اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں بغیر سکتہ کے ہے۔ اور سیدنا خلفؒ سے شیئا اور ہمزہ مفصول میں سکتہ منقول ہے۔

شیئـــ	ـــا إذا
سکتہ	نقل اور عدمِ سکتہ تحقیق کے ساتھ
سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ مع تحقیق اور نقل
ترکِ سکتہ	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل اور تحقیق عدمِ سکتہ

فإنما: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وكم أهلكنا: سیدنا خلادؒ نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلفؒ نقل اور تحقیق سکتہ کے ساتھ بھی اور بغیر سکتہ کے بھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة طه

القرآن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

الأسماء: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق مع سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ (کلمہ کے آخری ہمزہ) کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور ہمزہ کی تسہیل مع روم مد اور قصر کے ساتھ۔

اور سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور ہمزہ کی روم کے ساتھ تسہیل مع توسط و قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لأهله: امام حمزہؒ تحقیق اور ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

أتوكؤا، تظمؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور صرف کے مطابق اس کی بین بین تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور رسم کے مطابق اس اس کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ (وقف کرتے ہیں۔)

مآرب: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سؤلك: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

ماء: امام حمزہؒ ہمزہ کی تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لأولى: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور واؤ کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ رہی تسہیل، تو وہ امام سیبویہ کا مذہب ہے۔

ثم ائتوا: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر ماقبل کے ساتھ ملا کر وقف کرتے ہیں۔ اور الگ پڑھنے کی صورت میں وہ ہمزہ وصلی مکسور کے بعد اس کو یاء کے ساتھ بدل کر وقف کرتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔اور اسی طرح سیدنا ہشامؒ بھی پڑھتے ہیں الگ پڑھنے کی صورت میں تمام قراء کی طرح۔

فلأقطعن، ولأصلبنكم: امام حمزہؒ تحقیق اور واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ ہمزہ فتحہ کے بعد مضموم ہے اور زائد حرف کے ساتھ متوسط ہے۔

جزاء من تزكى: ہمزہ کو بعض مصاحف میں واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔اس صورت میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. جن مصاحف میں ہمزہ کو حذف کر کے لکھا گیا ہے وہاں معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف ہوگا۔

٢. جن مصاحف میں ہمزہ کو واؤ کی طرح لکھا گیا وہاں درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف ہوگا:

i. معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ جو کہ الف کے ساتھ ابدال ہے مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔اور اس کی روم کے ساتھ تسہیل اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں اور توسط اور قصر کے ساتھ سیدنا ہشامؒ کی روایت میں۔

ii. واؤ کے ساتھ ابدال:

a. سکون کے ساتھ مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

b. اشمام کے ساتھ مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

c. روم اور قصر کے ساتھ۔کل بارہ صورتیں ہوں گی۔

هم أولاء: پہلے ہمزہ میں صرف تحقیق ہے چاہے آپ سکتہ کریں ہمزہ مفصول پر سیدنا خلفؒ کی روایت میں یا سکتہ نہ کریں سیدنا خلادؒ کی روایت میں۔رہا کلمہ کا آخری ہمزہ، تو امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ينؤم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ويسئلونك: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سوآتهما: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں کیونکہ واؤ اصلیہ ساکنہ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ومن آنائ: کلمہ کا آخری ہمزہ یاء کی صورت میں لکھا گیا ہے لہٰذا اس میں نو صورتیں ہیں۔ اور پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق سکتہ کے بغیر امام حمزہؒ کی قرأت میں اور سکتہ کے ساتھ سیدنا خلفؒ کی روایت میں۔ پس سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. پہلے ہمزہ کی تحقیق بغیر سکتہ کے، کلمہ کے آخری ہمزہ کے ابدال کے ساتھ مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔

۲. کلمہ کے آخری ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل مع روم توسط و قصر کے ساتھ۔

۳. رسم کے مطابق یاء کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ، سکونِ محض کے ساتھ اور روم کی صورت میں قصر کے ساتھ۔

اور سیدنا خلادؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے۔ اور ہر صورت:

۱. کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔ (الف کے ساتھ ابدال اور روم کے ساتھ تسہیل مع مد و قصر۔)

۲. رسم کے مطابق یاء کے ساتھ ابدال سکون کے ساتھ مد کی تینوں صورتوں اور روم مع القصر کے ساتھ۔

اور سیدنا خلفؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں سیدنا خلادؒ کی طرح وقف کرتے ہیں پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق میں سے ہر صورت میں بغیر سکتہ کے، ہمزہ مفصول میں بغیر سکتہ کے۔ اور ہمزہ مفصول میں سکتہ کی صورت میں نقل اور سکتہ کے ساتھ۔

يأتينا: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

بآية: امام حمزہؒ تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأنبياء

فسئلوا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور اسی طرح یسئل اور اس کے باب کے الفاظ ہیں جیسا کہ یسئلون، فسئل۔

الخلد أفإين: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ اس کے زائد حرف کی بنا پر متوسط ہونے کی وجہ سے۔

هزؤا: امام حمزہؒ ہمزہ کے نقل اور رسم کے مطابق اس کو واؤ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں اور واؤ کے ساتھ بدلنے کے وقت زاء کو ساکن کرنے کا لحاظ کیا جائے گا۔

استهزئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں رسم اور صرف دونوں مذاہب کے مطابق۔

يستهزءون: امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل۔
٢. امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال۔
٣. رسم عثمانی کے مطابق زاء کے ضمہ کے ساتھ حذف۔

يكلؤكم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وآباءهم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر ایک دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے مد اور قصر کے ساتھ۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وضياء: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ، تنوین سے بدلے ہوئے الف کی وجہ سے ہمزہ کے متوسط ہونے کی بنا پر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أفأنتم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ ہے۔

ءءسهم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أئمة: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور پہلے ہمزہ میں سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ تحقیق ہے اور امام حمزہؒ کی قرأت میں سکتہ کے بغیر۔ کیونکہ اس سے پہلے "وجعلنا هم" ہے اور میم جمع کی طرف نقل نہیں ہوتا۔

وزكريا: سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ پڑھتے ہیں کیونکہ وہ ہمزہ کے ساتھ وصلاً پڑھتے ہیں اور یہ نصب کے مقام میں ہے۔ اور امام حمزہؒ صرف الف کی دو حرکتوں کے بقدر مد کے ساتھ پڑھتے ہیں کیونکہ وہ ہمزہ کے بغیر وصلاً پڑھتے ہیں۔

سواء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الحج

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور جیسا کہ معلوم ہے سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں صرف تحقیق ہے ہمزہ کے متوسط ہونے کی بنا پر تنوین سے بدلی ہوئی الف کی وجہ سے۔

كل شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

والصابئين: امام حمزہؒ صرف کے مطابق یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور رسم کے مطابق اس کے حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يشاء، السماء اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رءوسهم: امام حمزہؒ بین بین تسہیل اور حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ولؤلؤ: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کو صرف کے مطابق واؤ کے ساتھ بدل کر اور اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور رسم کے مطابق ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

اور امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر کلمہ کے آخری ہمزہ کو واؤ ساکنہ کے ساتھ بدل کر اور روم کے ساتھ اس کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں اور رسم کے مطابق ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سواء: اس کی نظیر گزر چکی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فكأين، وكأين: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں ہمزہ کے کاف تشبیہ کے ذریعے متوسط ہونے کی وجہ سے۔ اور شیخ قاضیؒ نے اپنی کتاب "البدور الزاهرة" میں صرف بین بین تسہیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔[1]

وبئر: امام حمزہؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

یومئذ: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور جمہور اسی کے قائل ہیں۔ اور بعض نے تحقیق اور تسہیل دونوں کا ذکر کیا لیکن اس قول پر عمل نہیں کیا جائے گا ہمزہ کے رسم کے مطابق متوسط بنفسہٖ ہونے کی وجہ سے۔

بإذنه: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

قل أأنبئكم: اس میں پہلے ہمزہ میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق ہے سیدنا خلادؒ اور سیدنا خلفؒ دونوں کی روایت میں۔ اور سکتہ کے ساتھ سیدنا خلفؒ کی روایت میں، ہر ایک دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے۔ دونوں صورتیں تیسرے ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل اور ہمزہ کو یاء مضمومہ سے بدلنے کے ساتھ ہے۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت پر ۱۲ صورتیں بنتی ہیں اور سیدنا خلادؒ کی روایت پر ۸ صورتیں بنتی ہیں۔

اور اکثر حضرات نے پہلے ہمزہ میں نقل کے ساتھ دوسرے ہمزہ کی تحقیق کا ممنوع ہونا ذکر کیا ہے۔

---

(۱) البدور الزاهرة، سورة آل عمران

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة المؤمنون

فقال الملؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ رسم کے مطابق اسے الف کے ساتھ بدل کر اور تسہیل کر کے روم کے ساتھ اور واؤ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

أنشأنا: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وقال الملأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يستئخرون: امام حمزہؒ الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يحذرون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

السيئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

اخسئوا: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں سین کے فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ۔

الفائزون: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة النور

مائة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

رأفة اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

ويدرؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ لہٰذا امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. صرف کے مطابق الف کے ساتھ ابدال اور روم کے ساتھ تسہیل۔

٢. رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ ابدال سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

امرئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو یاء ساکنہ کے ساتھ بدل کر اور روم کے ساتھ تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں صرف کے اصول کے مطابق۔ اور ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر سکون اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں رسم کے مطابق۔

جاءوا: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

رؤف: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

مبرءون: امام حمزہؒ بین بین تسہیل اور حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں راء کے فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ۔

أو آبائهن: امام حمزہؒ ہمزہ متوسطہ بنفسہا کی یاء کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ اور پہلے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں بغیر سکتہ کے دونوں راویوں کی روایت میں۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ صورتؔ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

أو آبـــ	ـــائهن
نقل	مد اور قصر کے ساتھ تسہیل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سکتہ کے بغیر تحقیق	مد اور قصر کے ساتھ تسہیل
سکتہ کے ساتھ تحقیق	سیدنا خلفؒ کی روایت میں مد اور قصر کے ساتھ تسہیل

أو أبناء: سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. زائد حرف کی بنا پر ہمزہ متوسطہ میں نقل اور کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتیں۔

۲. اور امام حمزہؒ کی قرأت میں بغیر سکتہ کے تحقیق، کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔

۳. سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ تحقیق کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔ گویا خلادؒ کے لیے دس اور سیدنا خلفؒ کے لیے پندرہ صورتیں ہیں۔

أو أبنـــ	ـــاء
سکتہ کے بغیر تحقیق	پانچ قیاسی صورتیں: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ
نقل	پانچ قیاسی صورتیں: امام حمزہؒ
سکتہ	پانچ قیاسی صورتیں: سیدنا خلفؒ

دريء: صرف امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق۔ پس آپ ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں جس کے ماقبل کا اس میں ادغام کیا جاتا ہے سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

يضيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے۔ اور مد نہیں ہوگی کیونکہ یاء اصلی ساکن ہے۔

الظمئان: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يؤلف: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

استئذن اور اس کا باب: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الفرقان

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مسئولا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

السوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

هزؤا: امام حمزہؒ نقل کرکے اور رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر زاء کے سکون کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أرأيت: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں (ہمزہ منفرد کی۔) رہا یہ کہ اپنے ماقبل کے ساتھ، تو پہلے ہمزہ میں ان کی قرأت نقل اور تحقیق ہے بغیر سکتہ کے۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کا اضافہ کیا جائے گا۔

أفأنت: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يعبؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. مذہب صرفی: الف کے ساتھ بدل کر اور روم کے ساتھ بین بین تسہیل کرکے۔
٢. مذہب رسم: واؤ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ۔

دعاؤكم: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کرکے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الشعراء

أنبؤا: ہمزہ کو بعض مصاحف میں واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اور امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں کلمہ کے آخری ہمزہ میں وقف کرتے ہوئے پانچ قیاسی صورتیں ہوں گی اور ان پر رسم کی صورت میں واؤ کے ساتھ بدلنے کا اضافہ کیا جاتا ہے ان مصاحف میں جن میں یہ واؤ کی طرح لکھی جاتی ہے مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ، ہر ایک صورت سکون اور اشمام کے ساتھ اور روم مع القصر کے ساتھ ہے۔ اگر واؤ کی صورت میں ہو تو کل بارہ وجہیں بنتی ہیں۔

أن ائت: امام حمزہؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں چاہے وہ ماقبل کے ساتھ ملا ہوا ہو یا ہمزہ وصلی مکسور کے بعد ماقبل سے الگ ہو۔ اور سیدنا ہشامؒ نے الگ ہونے کی صورت میں ان کی موافقت کی ہے اور اسی طرح تمام قراء نے۔

للملأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر یا اس کی بین بین تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لغائظون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

تراءا: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ راء اور تسہیل شدہ ہمزہ کا امالہ کر کے وقف کرتے ہیں۔

خطيئتي: امام حمزہؒ ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور اس کی کیفیت ہمزہ کا یاء مفتوحہ کے ساتھ ابدال ہے جس کے ماقبل کا اس میں ادغام کیا جاتا ہے ہمزہ کے یاء زائدہ ساکنہ کے بعد ہونے کی وجہ سے۔

أسئلكم: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وأطيعون: امام حمزہؒ تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لئيكة: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصلاً سکتہ کرنے کی صورت میں صرف نقل ہے۔

علمؤا: ہمزہ کو بعض مصاحف میں واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ پس امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ۱۲ صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں: پانچ قیاس کے مطابق اور سات رسم کے مطابق۔ واؤ کے ساتھ بدلنا مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ، ہر ایک سکون اور اشمام کے ساتھ۔ اور روم قصر کی صورت میں ہوتا ہے۔

اور جن مصاحف میں ہمزہ کو رسم کے مطابق حذف کیا گیا ہے ان میں ان دونوں حضرات کی قرأت میں معروف پانچ قیاسی صورتیں ہوں گی:

ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ، اور اس کی روم کے ساتھ تسہیل اشباع اور قصر کے ساتھ امام حمزہؒ کی قرأت میں اور توسط و قصر کے ساتھ سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں۔

هل أنبئكم: امام حمزہؒ امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق واؤ کی طرح تسہیل کے ساتھ اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک پہلے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ ہے بغیر سکتہ کے امام حمزہؒ کی روایت میں اور سکتہ کے ساتھ سیدنا خلفؒ کی روایت میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة النمل

سوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے۔

الآخرة اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ البتہ سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصلاً ترکِ سکتہ کی صورت میں صرف نقل کے ساتھ وقف ہے۔

الآخرة (وصل کرتے ہوئے)	الأخسرون (وقف کرتے ہوئے)
سکتہ	نقل اور سکتہ
ترکِ سکتہ	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل

اور بعض شارحین نے شاطبیہ کی ظاہری عبارت سے سیدنا خلادؒ کی روایت بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہوئے تحقیق کی ذکر کی ہے۔

سبأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور اس کی روم کے ساتھ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

الخبء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں نقل کے بعد باء میں سکون کے ساتھ۔ اور یہ اس لیے کہ ہمزہ وصلاً مفتوح ہے۔

تینوں لفظ الملؤا: ہمزہ کو واوؔ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر_ اور روم کے ساتھ بین بین تسہیل_ اور ہمزہ کو واوؔ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

كأنه: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يبدؤا: ہمزہ کو واوؔ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف سے بدل کر روم مع تسہیل سے اور ہمزہ کو واوؔ سے بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة القصص

من نبأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور اس کی بین بین تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أئمة: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

خاطئين: امام حمزہؒ صرف کے مطابق یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور رسم کے مطابق اس کے حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فؤاد: امام حمزہؒ ہمزہ کو واؤ مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

لأخته: امام حمزہؒ تحقیق اور واؤ کی طرح تسہیل اور یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يأبت: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق مع المد کے ساتھ اور بین بین تسہیل مع مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

استئجره: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

شاطئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور صرف کے مطابق روم کے ساتھ تسہیل۔
٢. سکون اور روم کے ساتھ یاء سے بدلنا۔

ردءا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ "ردا" پڑھتے ہیں۔

لتنوأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے کیونکہ واؤ اصلیہ ساکنہ ہے۔

ويكأن: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور بعض حضرات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسم الخط میں اس ہمزہ کے لفظ "ويك" کے ساتھ متصل ہونے کی وجہ سے صرف تسہیل کے ساتھ (وقف کرتے ہیں)۔

فئة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

بالسيئة: امام حمزہؒ ہمزہ کو یاء مفتوحہ سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

إلها آخر: سیدنا خلادؒ کی روایت میں وقف کرتے ہوئے نقل اور تحقیق ہے سکتہ کے بغیر۔ اور اسی طرح سیدنا خلفؒ کی روایت میں بھی ہے وصلاً سکتہ نہ کرتے ہوئے۔ اور مفصول میں وصلاً سکتہ کرتے ہوئے نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة العنكبوت

الٓمٓ أحسب: سیدنا خلادؒ ہمزہ کے نقل اور میم کے اندر مد کے اشباع وقصر کے ساتھ اور میم کے اشباع کے ساتھ ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور اسی طرح سیدنا خلفؒ سے۔ اور خلفؒ کی روایت میں میم کے اشباع کے ساتھ سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

الٓمٓ أحسب		
میم کا اشباع	اور	سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق
میم کا اشباع	اور	سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ
میم کا قصر	اور	نقل

السيئات: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يبدئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ یاء ساکنہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور صرف کے مطابق روم وتسہیل کے ساتھ_ اور رسم کے مطابق ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور اسی طرح "ينشئ" بھی ہے۔

يشسوا: امام حمزہؒ ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

النشأة: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ان سے ہمزہ کو الف سے بدل کر شین کے فتحہ کے ساتھ وقف بھی منقول ہے رسم کے مطابق۔ (الصلاۃ کے وزن پر)

سيء: امام حمزہؒ اور ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون کے ساتھ ہے۔

قالوا ائتنا: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے وقف کرتے ہیں۔

وكأين: امام حمزہؒ تحقیق اور تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور شیخ قاضیؒ نے اپنی کتاب "البدور الزاهرة" میں صرف تسہیل کے ساتھ وقف ذکر کیا ہے۔

سألتهم: امام حمزہؒ ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الروم

بلقائ، ولقائ: ہمزہ کو خُلف کے ساتھ یاء کی صورت میں لکھا گیا ہے اور یاء کی طرح رسم کی صورت میں:

ہمزہ کو یاء کے ساتھ تبدیل کیا جائے گا اشباع توسط اور قصر کے ساتھ، ہر ایک سکون کے ساتھ اور روم کے ساتھ قصر ہے۔ اور یہ امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں وقف کرتے ہوئے پانچ قیاسی صورتوں پر اضافہ ہے۔ کل نو صورتیں بنتی ہیں پانچ قیاسی چار رسمی۔

اور ہمزہ کی صورت کے حذف کی صورت میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ صرف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

السوآی: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں الف کے امالہ کے ساتھ۔ (لہٰذا نقل کی صورت میں واؤ خفیفہ مفتوحہ کے ساتھ تلفظ کیا جائے گا اور ادغام کی صورت میں واؤ مشددہ مفتوحہ کے ساتھ۔)

یبدؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور روم کے ساتھ اس کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔ اور اسی طرح رسم الخط کے مطابق اس کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شفعؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. پانچ قیاسی صورتیں۔ اور وہ یہ ہیں:
   i. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔
   ii. روم کے ساتھ تسہیل امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔
۲. رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدلنا:
   i. الف کے اشباع کے ساتھ سکون اور اشمام کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ii. الف کے توسط کے ساتھ سکون اور اشمام کے ساتھ۔

iii. الف کے قصر کے ساتھ سکون اور اشمام اور روم کے ساتھ۔ کل بارہ صورتیں ہیں۔

فرأوه: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سورة لقمان

هزؤا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ان سے رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدلنا بھی منقول ہے زاء کے سکون کے ساتھ۔

بآياتنا: امام حمزہؒ تحقیق کے ساتھ اور یاء مفتوحہ سے بدل کر ادغام کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بأي: امام حمزہؒ تحقیق کے ساتھ اور ہمزہ کو یاء مفتوحہ سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

سورة السجدة

وبدأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

والأفئدة: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ میں نقل اور تحقیق سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک صورت دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ ہے۔

رءوسهم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل اور رسم کے مطابق حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لأملأن: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک صورت دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ ہے۔

جزاء: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

المأوى، فمأواهم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

أئمة: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

قاعده: میم جمع کی طرف نقل نہیں ہو سکتی، اس بات کا لحاظ کیا جائے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأحزاب

يأيها: امام حمزہؒ تحقیق اور مد کے ساتھ اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں مد اور قصر کے ساتھ۔

اللائي: امام حمزہؒ ہمزہ کی بین بین تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لآبائهم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور اسے یاء مفتوحہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ ہر ایک صورت میں دوسرے ہمزہ کی یاء کی طرح تسہیل اور مد و قصر کے ساتھ ہے۔

أخطأتم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

ليسئل: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ويستئذن اور اس کا باب: امام حمزہؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

سئلوا: امام حمزہؒ امام سیبویہؒ کے مذہب کے مطابق یاء کی طرح تسہیل کر کے اور امام اخفشؒ کے مذہب کے مطابق اس کو واؤ مکسورہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

تطؤها: امام حمزہؒ ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل کر کے اور رسم کے مطابق اس کو طاء کے فتحہ کے باقی رہنے کے ساتھ حذف کر کے وقف کرتے ہیں۔

وتؤوي: امام حمزہؒ ہمزہ کو واؤ ساکنہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں:

١. اس کے اظہار کے ساتھ۔ لہٰذا دو واؤ کا تلفظ کیا جائے گا جن میں سے پہلی واؤ میں دو حرکتوں کی بقدر مد کی جائے گی اور دوسری واؤ مکسور ہوگی۔

٢. بعد والے حرف میں ادغام کے ساتھ۔ لہٰذا تاء کے بعد واؤ مشددہ مکسورہ کے ساتھ تلفظ کیا جائے گا۔

فبرأه: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة سبأ

ينبئكم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل اور اس کو یاء مضمومہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اور پہلا مذہب امام سیبویہؒ کا اور دوسرا مذہب امام اخفشؒ کا ہے اور اسی طرح رسم الخط ہے۔

یشأ، (نشأ): امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

منسأته: امام حمزہؒ ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔

تسئلون، نسئل: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يبدئ: سورۃ العنکبوت میں گزر چکا ہے۔

التناوش: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سورة فاطر

يشاء: امام حمزہؒ اور ہشامؒ مشہور پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر صورت سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

ينبئك: اس کی نظیر سورۃ سبا میں گزر چکی ہے۔

الأحياء: امام حمزہؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں پہلے ہمزہ میں نقل اور سکتہ دونوں کے ساتھ۔ اور سیدنا ہشامؒ کلمہ کے آخری ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ولؤلؤ: امام حمزہؒ دونوں ہمزہ کو واؤ ساکنہ سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اسی طرح کلمہ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آخری ہمزہ میں تسہیل کے ساتھ بھی۔ اور ان سے کلمہ کے آخری ہمزہ کو رسم الخط کے مطابق واؤ کے ساتھ بدلنا بھی منقول ہے سکون اور روم کے ساتھ، ہر صورت پہلے ہمزہ کو واؤ ساکنہ سے بدلنے کے ساتھ ہے۔

اور سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور کلمہ کے آخری ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون اور روم کے ساتھ اور تسہیل اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لہٰذا سیدنا ہشامؒ کی صورتیں کلمہ کے آخری ہمزہ میں امام حمزہؒ کی صورتوں کی طرح ہیں، مگر یہ کہ امام حمزہؒ ہمزہ متوسط بنفسہٖ کو واؤ کے ساتھ بدلتے ہیں۔

قل أرءيتم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ہر صورت میں دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ ہے۔

ومكر السيء: امام حمزہؒ ہمزہ کو صرف یاء ساکنہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر سکون اور روم کے ساتھ۔ اور ہمزہ کی روم کے ساتھ تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ کیونکہ امام حمزہؒ وصلاً ہمزہ کو ساکن کرتے ہیں اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو وصلاً کسرہ دیتے ہیں۔

يؤخرهم: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

من عباده العلمؤا: بعض مصاحف میں ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ اس صورت میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ اور ہمزہ کو واؤ ساکنہ کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور اسی طرح اشمام کے ساتھ۔ اور روم قصر کے ساتھ ہوتا ہے۔ گویا بارہ وجہیں بنتی ہیں۔

اور بعض دوسرے مصاحف میں ہمزہ کو تحریر میں حذف کیا گیا ہے۔ اس صورت میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة يس

والقرآن: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أئن: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يستهزءون: امام حمزہؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل۔ (امام سیبویہؒ کا مذہب)
۲. یاءِ مضمومہ کے ساتھ ابدال۔ (امام اخفشؒ کا مذہب)
۳. زاء کے ضمہ کے ساتھ حذف۔ (رسم الخط کا مذہب)

وعملت أيديهم: سیدنا خلادؒ نقل اور تحقیق کے ساتھ بغیر سکتہ کے وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلف عنقل اور تحقیق سکتہ کے ساتھ اور سکتہ کے بغیر وقف کرتے ہیں۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أنشأها: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شيء: کئی مرتبہ گزر چکا ہے۔

سورة الصافات

الملأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر اور اس کی تسہیل کر کے روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وعظاما أئنا: سیدنا خلادؒ پہلے ہمزہ کے نقل اور دوسرے ہمزہ کی بین بین تسہیل کے ساتھ _ اور بغیر سکتہ کے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور سیدنا خلفؒ بھی انہی کی طرح وقف کرتے ہیں ہمزہ مفصول پر سکتہ نہ کرنے کی صورت میں۔اور ہمزہ مفصول پر سکتہ کی صورت میں وہ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. پہلے ہمزہ میں نقل دوسرے ہمزہ میں بین بین تسہیل کے ساتھ۔

۲. پہلے ہمزہ میں تحقیق کے ساتھ سکتہ دوسرے ہمزہ میں تحقیق اور تسہیل کے ساتھ۔

مسئولون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

یتساءلون: امام حمزہؒ ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بکأس: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

کأنهن: امام حمزہؒ تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فمالئون: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل اور یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال کے ساتھ اور لام کے ضمہ کے ساتھ حذف کے ساتھ وقف کرتے ہیں تاکہ واؤ کے مناسب ہو جائے۔

الرؤیا: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر واؤ کے ساکن ہونے کی حالت میں اظہار کے ساتھ یا مابعد میں ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

مائة: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

سورة صٓ

اللہ تعالیٰ کا فرمان: "أم لهم ملك السموات والأرض...الآية" امام حمزہؒ کی قرأت میں درج ذیل صورتیں ہیں:

	والأرض	الأسباب (وقف کرتے ہوئے)
	سکتہ	نقل اور سکتہ
خاص	ترک	سیدنا خلادؒ کی روایت میں نقل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لئيكة: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصلاً سکتہ نہ کرنے کی صورت میں نقل کے ساتھ وقف ہے۔

نبؤا الخصم: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے خُلف کے ساتھ۔ اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر_ اور روم کے ساتھ اس کی تسہیل_ اور رسم کے مطابق اس کو واؤ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ان مصاحف میں جن میں یہ واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔

بسؤال: امام حمزہؒ واؤ مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

عطاؤنا: امام حمزہؒ واؤ کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

نبؤا عظيم: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس بنا پر امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر_ اور اس کی تسہیل کر کے روم کے ساتھ_ اور واؤ کے ساتھ اس کو بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

لأملأن: امام حمزہؒ الف کے ساتھ دوسرے ہمزہ کی تسہیل کر کے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أسئلكم: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

نبأه: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سورة الزمر

فينبئكم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے ("وَفِي غَيْرِ هذَا بَيْنَ بَيْنَ" اور اس کے علاوہ میں تسہیل بین بین ہے۔) اور اس کو امام اخفشؒ اور رسم الخط کے مذہب کے مطابق یاء مضمومہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَفِي الْيَا يَلِي والْوَاوِ وَالْحَذْفِ رَسْمَهُ ...
وَالاخفش بَعْدَ الْكَسْرِ ذا الضَّمِّ أَبْدَلَا ...بِيَاءِ

ترجمہ: پس امام حمزہؒ نے یاء، واؤ اور حذف میں رسم کا اتباع کیا ہے اور امام اخفشؒ نے ہمزہ مضمومہ کا کسرہ کے بعد یا سے ابدال کیا ہے۔

شنتم: امام حمزہؒ ہمزہ کے یاء سے ابدال کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وأولئك: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ہر صورت میں دوسرے ہمزہ کی تسہیل ہے مد اور قصر کے ساتھ۔

أفأنت: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

جزاء المحسنين: ہمزہ کی صورت میں اختلاف ہوا ہے۔ بعض مصاحف میں اسے واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ اس صورت میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. پانچ قیاسی صورتیں۔
۲. رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدلنا سکون اور اشمام کے ساتھ، ہر ایک مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ ہے۔ اور قصر کی صورت میں روم کے ساتھ۔ کل بارہ صورتیں بنتی ہیں۔

اور دوسرے بعض مصاحف میں حذف شدہ لکھا گیا ہے۔ لہٰذا امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أسوأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ دوسرے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

رہا پہلا ہمزہ، تو اس میں ان دونوں کی قرأت میں تحقیق ہے چاہے سیدنا خلفؒ کی روایت پر سکتہ کریں یا نہ کریں، کیونکہ اس سے پہلے جمع کی میم ہے اور جمع کی میم کی طرف نقل نہیں ہوتا۔

اشمأزت: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سيئات: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هؤلاء: سیدنا ہشامؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور مد کے ساتھ وقف کرتے ہیں دوسرے ہمزہ میں پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ/اور پہلے ہمزہ کی تسہیل مع المد اور دوسرے ہمزہ کے الف سے ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور اس کی تسہیل روم مع القصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں/اور پہلے ہمزہ کی تسہیل مع القصر اور دوسرے ہمزہ کے الف سے ابدال مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ اور اس کی تسہیل روم مع القصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ پندرہ میں سے تیرہ وجوہ جائز ہیں، دو ناجائز ہیں۔

وجیئ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل کے ساتھ اور ہمزہ کو بدل کر ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر صورت سکون کے ساتھ ہے کیونکہ یاء اصلی ساکنہ ہے۔

نتبوأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل مع روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سورة غافر

نساءهم: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

دأب: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

الضعفؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے لہٰذا امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. ہمزہ کو الف کے ساتھ بدلنا مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔
۲. ہمزہ کی واؤ کی طرح تسہیل روم کے ساتھ، امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔
۳. رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدلنا سکون اور اشمام کے ساتھ، ہر صورت مد کی تینوں صورتوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ ہے۔اور قصر کی صورت میں روم کے ساتھ۔گویا کل بارہ صورتیں بنتی ہیں۔

دعوٗا: گزشتہ کی طرح ہے۔ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔

المسيء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون، اشمام اور روم کے ساتھ ہے کیونکہ یاء اصلی ساکن ہے۔کل چھ وجہیں بنتی ہیں۔

لآتية: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سورة فصلت

قرآنا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

بالآخرة: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصلاً سکتہ نہ کرنے کی صورت میں نقل کے ساتھ وقف ہے۔

قل أئنكم: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور یاء کی طرح تسہیل کے ساتھ_اور پہلے ہمزہ میں نقل کر کے دوسرے ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں پہلے ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل کے ساتھ۔

سواء: امام حمزہؒ تسہیل کر کے مد اور قصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وللأرض ائتيا: امام حمزہؒ یاء کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يسئمون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

أأعجمي: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ونئا: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

فلننبئن: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الشورى

يذرؤكم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

شرکؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے، اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ درج ذیل صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

١. مذہب صرف: معروف پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ۔

٢. مذہب رسم: واؤ کے ساتھ بدلنا:

i. مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ، ہر ایک سکون اور اشمام کے ساتھ۔

ii. قصر کی صورت میں روم کے ساتھ۔

فإن يشأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

إن يشأ: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وجزاؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے اس میں امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں پانچ قیاسی صورتیں ہیں_ اور ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدلنا سکون اور اشمام کے ساتھ مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ_ اور قصر کی صورت میں روم ہے۔ کل بارہ صورتیں بنتی ہیں۔

سيئة: امام حمزہؒ ہمزہ کو یاء مفتوحہ سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

ورائي: ہمزہ کو یاء کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ_ اور روم مع تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔

اور رسم کے مطابق اس کو یاء کے ساتھ تبدیل کیا جاتا ہے سکون کے ساتھ مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ_ اور قصر کی صورت میں روم کے ساتھ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الزخرف

يأتيهم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

قرآنا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يستهزءون اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کر کے اور یاء مضمومہ کے ساتھ ابدال کر کے اور زاء کے ضمہ کے ساتھ حذف کر کے وقف کرتے ہیں۔

سألتهم: امام حمزہؒ بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

جزءا: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

ينشؤا: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور روم کے ساتھ اس کی تسہیل کر کے وقف کرتے ہیں۔ اور رسم کے مطابق ہمزہ کو واؤ کے ساتھ بدل کر سکون، اشمام اور روم کے ساتھ وقف کرتے ہیں ہمزہ کے راجح قول کے مطابق واؤ کی صورت میں لکھے ہونے کی وجہ سے۔

ويسئلون: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

براء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يتكئون: يستهزءون کی طرح ہے۔

ءآلهتنا: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وأطيعون: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الدخان

الأولين: امام حمزہؒ نقل اور سکتہ کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور سیدنا خلادؒ کی روایت میں وصلاً سکتہ نہ کرنے کی صورت میں نقل کے ساتھ وقف ہے۔

بلاؤا: ہمزہ کو واؤ کی صورت میں لکھا گیا ہے اس لیے امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ اور رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں:

۱. سکون اور اشمام کے ساتھ، ہر ایک مد کی تینوں صورتوں کے ساتھ۔
۲. روم اور قصر کے ساتھ۔ کل بارہ صورتیں بنتی ہیں۔

سورة الجاثية

لآيات: امام حمزہؒ تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

للمؤمنين: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

فبأي: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

هزؤا: امام حمزہؒ نقل کرکے اور رسم کے مطابق واؤ کے ساتھ بدل کر زاء کے سکون کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

قالوا ائتوا: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں ماقبل کے ساتھ ملاتے ہوئے۔ اور اس لفظ کے الگ ہونے اور اسی طرح اس سے آغاز کرنے کی صورت میں تمام قراء ہمزہ وصلی مکسور کے بعد اس ہمزہ کو یاء کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

يومئذ: امام حمزہؒ یاء کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور یہی جمہور کا مسلک ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الأحقاف

قل أرأيتم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کی الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں پہلے ہمزہ کی ماقبل ساکن صورتوں کے ساتھ۔ اس (پہلے ہمزہ) میں امام حمزہؒ کی قرأت میں سکتہ کے بغیر نقل اور تحقیق ہے اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کے ساتھ ہے۔

قل أر ــــ	ــــ أيتم
نقل	تسہیل
سکتہ کے ساتھ تحقیق	سیدنا خلفؒ کی روایت میں تسہیل
سکتہ کے بغیر تحقیق	تسہیل

السموات ائتوني: امام حمزہؒ یاء ساکنہ مدہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

أعداء: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ میں الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور ان سے پہلے ہمزہ میں تحقیق بھی منقول ہے۔

شيئا: امام حمزہؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سيئاتهم: امام حمزہؒ یاء مفتوحہ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

- اللہ تعالیٰ کا فرمان: "واذكر أخا عاد إذ أنذر قومه بالأحقاف" اس میں امام حمزہؒ کی قرأت میں درج ذیل صورتیں ہیں:

واذكر أخا	عاد إذ	إذ أنذر
ترکِ سکتہ	ترک	نقل اور تحقیق
سکتہ	سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں نقل اور سکتہ

ساکن مفصول	بالأحقاف
ترکِ سکتہ	نقل اور سکتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سکتہ	نقل اور سکتہ	سیدنا خلفؒ کی روایت میں

أجئتنا: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کو یاء ساکنہ کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

لتأفكنا: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ کو الف کے ساتھ بدل کر وقف کرتے ہیں۔

وأفئدة: امام حمزہؒ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر صورت دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ ہے۔

أفئدتهم: امام حمزہؒ دوسرے ہمزہ میں نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

كأنهم: امام حمزہؒ تحقیق اور بین بین تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

سورة محمد ﷺ

ويثبت أقدامكم: امام حمزہؒ بغیر سکتہ کے نقل اور تحقیق کے ساتھ وقف کرتے ہیں اور سیدنا خلفؒ کی روایت میں سکتہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

وكأين: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔ اور شیخ قاضیؒ نے اپنی کتاب "البدور الزاهرة" میں صرف تسہیل کا ذکر کیا ہے۔

ماء، أهوائهم اور اس جیسے الفاظ: امام حمزہؒ الف کی طرح تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

وآتاهم: امام حمزہؒ ہمزہ کی تحقیق اور الف کی طرح اس کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

رأيت: امام حمزہؒ الف کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يسئلكموها: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

هأنتم، يأيها: امام حمزہؒ تحقیق مع المد کے ساتھ اور بین بین تسہیل مع مد وقصر کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورة الفتح

السوء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ نقل اور ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں، ہر ایک سکون اور روم کے ساتھ ہے۔

بأس: امام حمزہؒ الف کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر وقف کرتے ہیں۔

تطئوهم: امام حمزہؒ واؤ کی طرح ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ اور رسم کے مطابق حذف کر کے طاء کا فتحہ باقی رہنے کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

يشاء: امام حمزہؒ اور سیدنا ہشامؒ پانچ قیاسی صورتوں کے ساتھ وقف کرتے ہیں:

۱. ہمزہ کا الف کے ساتھ ابدال اشباع، توسط اور قصر کے ساتھ۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَيُبْدِلُهُ مَهْمَا تَطَـرَّفَ مِثْـلَهُ وَيَقْصُرُ أَوْ يَمْضِي عَلَى الْمُدِّ أَطْوَلَا

ترجمہ: اور امام حمزہؒ اس کا ابدال کرتے ہیں اس کے مثل کے ساتھ جبکہ کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور قصر کرتے ہیں یا مد طویل کرتے ہیں۔

۲. روم کے ساتھ بین بین تسہیل امام حمزہؒ کی قرأت میں اشباع اور قصر کے ساتھ اور سیدنا ہشامؒ کی قرأت میں توسط اور قصر کے ساتھ۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَمَا قَبْلَهُ التَحْرِيكُ أَوْ أَلِفٌ مُحَرَّكاً طَرَفاً فَالْبَعْضُ بالرَّوْمِ سَهَّـلَا

ترجمہ: اور وہ ہمزہ جس سے پہلے حرکت ہو یا الف ہو اس حال میں کہ ہمزہ متحرک کلمہ کے آخر میں ہو تو بعض حضرات نے روم کے ساتھ اس پر تسہیل کی ہے۔

الرءيا: امام حمزہؒ واؤ کے ساتھ ہمزہ کو بدل کر اور اسی طرح ادغام کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَأَبْدِلْهُ عَنْهُ حَرْفَ مَدٍّ مُسَكِّنًا ...

ترجمہ: پس اس ہمزہ کو امام حمزہؒ کی قرأت کے مطابق ساکن پڑھتے ہوئے حرف مد سے بدل دو۔

شطاہ: امام حمزہؒ نقل کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:

وَحَرِّكْ بِهِ مَا قَبْلَهُ مُتَسَكِّنًا وَأَسْقِطْهُ حَتَّى يَرْجِعَ اللَّفْظُ أَسْهَلَا

